روحانی
ماہنامہ

تحفہ روحانیات

جنوری ۲۰۱۲

سید عابد حسین شاہ

حمد

رَبّ تیری مصلحت کے اشارے جدا جدا
الفت ہر ایک دل میں اتارے جدا جدا
ہر دل تیرے حضور میں رطب اللسان ہے
ہر شخص تجھ کو دل سے پکارے جدا جدا
اللہ رے تیری ذات وہ تیرے رسول پاک ﷺ
دونوں سے عشق جس کے نظارے جدا جدا
غالب ہے ایک جذب کہ حمد و ثناء لکھوں
جذبات یوں تو دل میں ہیں سارے جدا جدا
نور خدا بکھیر رہے ہیں جہان میں
شمس و قمر چراغ ستارے جدا جدا
ہر اک نظام پورا کا پورا الگ نظام
ہیں اہتمام سارے کے سارے جدا جدا
مربوط ہر نظام تجھی سے الگ الگ
ہر ذی نفس کو تیرے سہارے جدا جدا
جو چاہے جس طرح سے تیرے ساتھ لو لگائے
دل میں ہوں جس طرح کے شرارے جدا جدا
خلقت تمام تیرے لئے سجدہ ریز ہے
انساں زمیں، چاند ستارے جدا جدا
جن و ملک یہ انس یہ مخلوق سب تیری
ہر ایک، ایک رب کو پکارے جدا جدا

شاعر محسن علوی (جدہ سعودی عرب)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نعت

وقف ہوں اے کاش میرے ماہ و سال ان کے لئے
اور یہ میری محبت لازوال ان کے لئے
ڈھونڈتے پھرتے ہیں جگنو رات بھر نقش قدم
ہے ستاروں اور سیاروں کی چال ان کے لئے
اس تمنا میں کہ چھو جائے کف پا کو کبھی
اس جہاں کا ذرہ ذرہ ہے فعال ان کے لئے
امر با مقصد ہے کچھ تو ، پھول کا کھلنا سدا
موسم گل کررہا ہے دیکھ بھال ان کے لئے
ساری دنیا مست ہو موسیقی اسلام سے
ساز ہوں میرے وطن کے نو نہال ان کے لئے
نرم کرنیں، میٹھی آوازیں انہیں کے واسطے
ہے گلوں میں نکہت و رنگ و جمال ان کے لئے
جانتے ہو؟ یا نہیں کچھ جانتے اے زائرین!
ہے مبارک کس قدر ہونا نڈھال ان کے لئے
روزِ محشر اپنی اُمت سے کہیں نالاں نہ ہوں
ہم برائی چھوڑ دیں ، کیا ہے محال ان کے لئے
خواہ لکھوں میں نثر یا اشعار ہی میں بات ہو۔
ہے میرا حُسن قلم، حُسن خیال ان کے لئے
پڑھیے کہتا ہے قرآں، غور تم کرتے نہیں
وسعت قرآں میں ہے سب قیل و قال ان کے لئے
کوئی کیا جانے کہ تہ گہری ہے کتنی عشق کی
کیا نہیں کرتا خدائے ذوالجلال ان کے لئے
ہو خبر گلشن میں آتے ہیں رسول ﷺ اے شاہدہ
آگے آگے رکھوں میں کانٹوں پہ گال ان کے لئے

(منجانب: شاہدہ لطیف)

صفر کے اعمال

تحریر: ملک ذوالفقار علی اعوان (ملتان)

پیارے مسلمان بھائیو! بہنو! آؤ آج سے عہد کریں کہ ہم نماز پنجگانہ کی ادائیگی کو یقینی بنائیں گے۔ جھوٹ، دھوکا اور غیبت سے پرہیز کریں گے اور حقوق العباد کی ادائیگی کو یقینی بنائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو اپنی رحمت سے باعمل اور ایسا مسلمان بنائے کہ ہم اللہ تعالیٰ کو پسند آجائیں۔

آج کے پُرفتن دور میں ہر انسان پریشان ہے۔ پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"بَادِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَاءَ لَایَتَخَطَّاھَا"

ترجمہ: "مصیبت آنے سے پہلے صدقہ دے دو کیونکہ (صدقہ دیوار کی طرح آڑے آجاتا ہے اور) مصیبت اس کو پھلانگ نہیں سکتی۔

(مشکوٰۃ ص 167)

اور اگر آپ خدانخواستہ کسی بیماری، پریشانی یا مصیبت میں مبتلا ہو گئے ہیں تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے: **"اَلصَّدَقَةُ تَرُدُّ الْبَلَاءَ"** (صدقہ کرو کیونکہ صدقہ بلاؤں یعنی مصیبتوں کو کھا جاتا ہے)

اگر کسی مسلمان بھائی کے ذہن میں یہ بات آئے کہ صدقہ کرنے سے رقم یا مال کم ہو جاتا ہے تو وہ آقائے دوجہاں حضور نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد مبارکہ ذہن نشین کر لے: **"مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ"** (ترجمہ: صدقہ کرنا مال کو کم نہیں کرتا) صدقہ تو مال کو بڑھاتا ہے۔ صدقہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے غصے کو بجھانے اور اللہ پاک کی رضا حاصل کرنے کا ایک مجرب نسخہ ہے۔

"نفل نماز"

صفر کا چاند دیکھ کر نماز مغرب اور نماز عشاء کے درمیان چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص گیارہ گیارہ بار پڑھنی ہے پھر بعد سلام پھیرنے کے ایک ہزار مرتبہ اس درود پاک کو پڑھے:

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ"

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز اور درود پاک پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر مغفرت کر دی جائے گی۔

اول شب نماز عشاء چار رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون پندرہ بار، دوسری میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص پندرہ بار، تیسری میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ فلق پندرہ بار، چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ ناس پندرہ بار پڑھے۔ یہ نماز بعد نماز عشاء پڑھنی چاہیے۔ پھر سلام کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** پھر سو مرتبہ درود پاک پڑھنا ہے نماز عشاء کے وتر اور نفل اس نماز کے بعد پڑھنے چاہئیں۔ اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ تمام بلاؤں، آفتوں سے محفوظ رکھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

نفل آخری چار رکعت

ماہ صفر کے آخری بدھ جسے آخری چار شنبہ کہتے ہیں بوقت چاشت غسل کر کے دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے کے بعد سورہ فاتحہ کے پھر بعد سلام کے 70 مرتبہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّم۔

اَللّٰھُمَّ صَرِّفْ عَنِّیْ سُوْٓءَ ھٰذَا الْیَوْمِ وَ اَعْصِمْنِیْ مِنْ سُوْئِهٖ وَ نَجِّنِیْ عَمَّا اَصَابَ فِیْهِ مِنْ بَحْرِ سَابِهٖ وَکُرُبَاتِهٖ بِفَضْلِكَ یَا دَافِعَ الشُّرُوْرِ یَا مَالِكَ النُّشُوْرِ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْاَمْجَادِ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز اور دعا کی برکت سے اللہ پاک اسے تمام بلاؤں اور صعوبتوں سے محفوظ رکھے گا۔

سجدہ بے نیاز

تحریر
عابد کمالوی
(فیصل آباد)

ولید نماز کے لئے چلا گیا ممتاز راجہ بھی مسجد سے تیس میٹر دور تھے کہ بلاسٹ ہوا میں مسجد کی طرف دوڑا تو فائرنگ شروع ہوگئی اور ایک گولی میری ران میں آ کے لگی میں وہیں گر گیا میری آنکھوں کے آگے ولید کا چہرہ تھا۔۔۔اور جھکے ہوئے سجدہ بے نیاز میں مگن سب نمازی تھے اس بات سے بے خبر کہ پیچھے دشمن کا فردار کو پہنچ گیا ہے۔ساری خواتین باہر پہنچ گئیں مگر کوئی انہیں آگے نہیں جانے دے رہا تھا۔۔۔فائرنگ کے پندرہ منٹ کے بعد مسز ممتاز کے دل میں درد کی لہر اٹھی اور انہوں نے بے اختیار انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا "میرا ولید" بس یہ الفاظ ان کے منہ میں تھے کہ ممتاز راجہ کا فون آیا۔۔۔میں زخمی ہوں مگر ولید کا کچھ پتہ نہیں اور پھر ایسا ہوا کہ مجھے صرف رونے کی آوازیں آتی رہیں۔۔۔اب وہ نہیں رہا۔۔۔ میرے اللہ تو میرے بیٹے کا نذرانہ قبول کرلے۔۔۔ممتاز راجہ نے الحمد للہ رب العالمین پڑھا اور جنازہ لحد میں اتار دیا۔۔۔۔قارئین اللہ جانتا ہے اس کے بعد میں نے کتاب بند کردی اور میں "جانے سے پہلے لوٹ آنے کا وعدہ کرلے" کے عنوان سے لکھا جانے والا باب پورا نہیں پڑھ سکا میں نے دائیں آنکھ کے آپریشن کے بعد پہلی بار پڑھنے کی شعوری کوشش کے تحت "سجدہ بے نیاز" کھولی تھی میں مزید رونا نہیں چاہتا تھا کہ چشم بینا کے خلیوں میں اتنے آنسو نہیں تھے جو ایک دردمند دل رکھنے والا انسان اپنے باپ، بھائی، بیٹے کسی پیارے خونی رشتے کے اچانک چلے جانے پر بہاتا ہے۔

میرے قارئین کا ایک حلقہ شاید اس بات سے آگاہ ہے کہ یہ بندہ بے کمال قومی زندگی میں رونما ہونے والے المیوں اور سانحوں پر قلم اٹھاتا رہتا ہے لیکن میں شاید باقی ماندہ زندگی میں بھی "سجدہ بے نیاز" پوری نہ پڑھ سکوں اس لئے میں اپنی بہن رابعہ رحمٰن روہی کے حوصلے، عزم، صبر، استقامت اور جذبہ احساس کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے شہیدوں کی ماؤں بہنوں، بھائیوں، بیویوں اور دوسرے رشتہ داروں سے سانحہ پریڈ لین کی خونچکاں دل ہلا دینے والی، رُلانے اور فضا کو سوگوار کردینے والی داستانیں سُنیں بھی اور انہیں دلدوز انداز اور عمدہ الفاظ کے قالب میں ڈھال کر نظم ونثر کی عمدہ تصاویر اور مناظر میں ڈھالا ہے۔۔۔۔۔دراصل وہ اسم بامسمیٰ ہیں وہ اس کتاب میں مجھے مائی رابعہ بصریؒ کی طرح صبر ورضا کے درجہ ولایت پر فائز نظر آتی ہیں۔قارئین میں نے سکول کے زمانے میں رضیہ بٹ، نثار فاطمہ، حاجرہ مسرور، خدیجہ مستور، قرۃ العین حیدر، بانو قدسیہ، اے آر خاتون اور اس دور کی دوسری تخلیق کارروائی کی تخلیقات پڑھ لی تھیں میں رابعہ آپا کی پوری کتاب پڑھنا چاہتا تھا کہ دیباچہ اور باب اول تک تو ہمت بندھی رہی اس کے بعد۔۔۔۔۔تاہم ایک بار پھر ممنون ہوں ہمیشہ شفقت کا عملی مظاہرہ کرنے والے برادرم شفقت اللہ مشتاق کا کہ ان کی بدولت میرے حلقہ احباب میں چند دوستوں کا اضافہ ہوا انہوں نے بابر صاحب سے تعارف کرایا اور یہ سطور اسی سلسلے کی کڑی ہیں۔۔۔سجدہ بے نیاز کے ابتدائی صفحات کے مطالعہ سے یہ بندہ بے کمال اس میں گم ہے کہ مصنفہ رابطہ۔

غم بھی گزشتنی ہے خوشی بھی گزشتنی
کر غم کو اختیار کہ گزرے تو غم نہ ہو

کے فلسفے کے تحت غم کو Priority پر رکھتی ہیں لیکن وہ ایک باہمت خاتون ہے کہ جس نے بطور قلم کارہ ایک ایسے موضوع کو چنا جہاں لفظ لفظ ماتم کناں ہے میں کتاب دیکھ کر اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ رابعہ بی بی نے "سجدہ بے نیاز" اس لئے لکھی کہ اسے شہدائے پریڈ لین کے سوگوار خاندانوں کے دُکھ بانٹنے کرنے کا موقع میسر آجائے وہ ان کی آہوں سسکیوں اور اشکوں کو ڈھارس میں بدل سکے اور انہیں یہ احساس دلا سکے۔

دے رہی ہے جواب گویائی
کوئی پرسان حال ہے شاید

دوستو: رابعہ رحمٰن نے شہداء کے خاندانوں کو پرسا دیا ہے۔ان کے درد، دُکھ، غم اور صدمے کو کم کیا ہے یہ بہت بڑی خدمت ہے، رابعہ نے اپنے معصوم بیٹے محمد عبداللہ کی طرح شہدا کے بچوں کو سینے سے لگایا، وہ جو اللہ کے حضور پیش تھے اللہ نے اسی حالت میں انہیں حیات جاودانی بخش دی، رابعہ

باقی صفحہ 29 پر ملاحظہ فرمائیں

سعادت حج
(مکۃ المکرمہ)

تحریر: قاری محمد اسماعیل ساجد

جب ماہر روحانیات نے 10 اکتوبر 2011ء کو فون پر اطلاع دی کہ وہ سعادت حج کیلئے انشاءاللہ یکم نومبر 2011ء کو تشریف لارہے ہیں۔ یہ خوشخبری سُن کر میرے اور میرے ساتھیوں کا دل باغ باغ ہوگیا۔ بس میرا دل چاہتا تھا کہ یکم نومبر آئے اور ماہر روحانیات کے استقبال کیلئے جدہ ائیر پورٹ پہنچیں۔ بلاآخر یکم نومبر آئی میں اور میرے چند ساتھی جناب محمد ایوب، محمد ندیم، وسیم احسن، عاشق حسین صاحب، محمد رمضان چوہدری، محمد بلال صاحب اور دیگر کئی احباب جدہ ائیر پورٹ پہنچے۔ ماہر روحانیات کو وہاں سے مکہ المکرمہ اپنی رہائش گاہ پر لے آئے۔ یہ میرے لئے بڑی سعادت کی بات تھی۔ مزید 3 دن آپ نے میری رہائش گاہ پر قیام فرمایا اس دوران آپ نے سعادت عمرہ اور کئی طواف کئے۔ حجاج کے بہت زیادہ رش کی وجہ سے میں نہیں چاہتا تھا کہ آپ میری رہائش گاہ سے باہر جائیں کیونکہ میری رہائش گاہ حرم کے نزدیک ہے لیکن ماہر روحانیات نے اصرار کیا کہ برائے مہربانی میرے قیام مکہ المکرمہ کا زیادہ دوست احباب کو نہ بتایا جائے۔ تاکہ میں اپنا فریضہ درست طور پر ادا کرسکوں۔

7 ذی الحج کو میں نے ماہر روحانیات سے عرض کی کہ آئندہ پروگرام آپ فرمائیں میری گزارش پر ماہر روحانیات نے فرمایا کہ اب مکمل ذمہ داری آپکی ہے۔ پھر میں نے عرض کی کہ حضرت آپ یہ فرمائیں کہ حج کرنے کیلئے گاڑی استعمال کریں گے تو آپ نے فوری منع فرمادیا کہ میری خواہش ہے کہ میں پورا حج پیدل کروں۔

8 ذی الحج کی صبح نماز فجر ماہر روحانیات اور میرے چند خاص دوستوں نے مسجد الحرام میں ادا کی طواف اور سعی کے بعد منیٰ کی جانب روانہ ہو گئے۔ بہت رش تھا کثرت سے تلبیہ پڑھتے رہے بہت رش ہونے کے باوجود بڑے تحمل سے منیٰ کی جانب روانہ ہوئے۔ ہم کل 9 افراد تھے جنہوں نے جو کہ فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے مکہ المکرمہ سے روانہ ہوئے۔ جناب محمد اصغر صاحب نے منیٰ میں ایک بہترین خیمہ کا بندوبست کیا۔ وہ روحانی پُر کیف مناظر تھے جنہیں میں لفظوں میں بیاں نہیں کرسکتا۔ **منیٰ پہنچ کر مسجد خیف میں باجماعت نماز ادا کی اس کے بعد دیگر نمازیں اپنے خیمہ میں ادا کیں۔**

9 ذی الحج کو بعد ادائیگی نماز فجر سورج نکلنے کے بعد میدان عرفات کی جانب روانہ ہوئے اس رستہ میں بھی با آواز تلبیہ پڑھتے رہے ۔ ہر جانب حجاج کا سمندر تھا۔ میدان عرفات پہنچ کر مسجد نمرہ میں ماہر روحانیات کے ہمراہ سب ساتھیوں نے قیام فرمایا۔ اس کے بعد خطبہ حج پڑھا گیا کیونکہ اسی دن کو یوم عرفہ کہا جاتا ہے اور یہ سال کے تمام ایام سے افضل ہے۔ جہاں ظہر اور عصر کی نماز قصر جمع کرکے پڑھی گئی۔ قیام عرفات کے دوران ماہر روحانیات نے خوب دُعائیں کی جبل رحمت کی زیارت کی۔

بعد غروب آفتاب عرفات سے تلبیہ پڑھتے ہوئے مزدلفہ روانہ ہوئے مزدلفہ میں رات بھر تمام حاجیوں نے قیام کیا۔ یہاں مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی پڑھی گئی۔ تمام رات عبادت میں گزری۔ نماز فجر کے بعد سورج نکلنے کا انتظار کیا۔ مزدلفہ سے منیٰ روانگی سے قبل پھر دعائیں پڑھیں گئیں اور تکبیہ کرتے ہوئے جمرۃ کی جانب روانہ ہوئے۔ **روانگی سے قبل ماہر روحانیات اور تمام دوست حاجیوں نے کنکریاں اٹھائیں۔** منیٰ پہنچنے کے بعد حاجیوں کا ایک سمندر جمرۃ عقبۃ کی جانب روانہ ہوا۔ جہاں رمی کی، پہلے رمی کرنے کے بعد اس جگہ پر قربانی کا معمول تھا لیکن اب حکومت سعودیہ کی جانب سے قربانی کے کاؤنٹر بنادیئے گئے ہیں جہاں پر آپ قربانی کے جانور کی قیمت جمع کروادیتے ہیں اور کاؤنٹر پر آپ کو مطلع کردیا جاتا ہے کہ آپ کے جانور کی قربانی کس وقت کی جائیگی اور آپ احرام کس وقت تک کھول سکتے ہیں۔ اول وقت میں ماہر روحانیات اور دیگر تمام ساتھی حجاج نے قربانی کے جانور کی رقم جمع کرواچکے تھے اور 10 ذی الحج کی صبح 9 بجے احرام کھولنے کا وقت تھا۔ **احرام کھولنے سے قبل ماہر روحانیات اور دیگر حجاج کرام نے سر کا حلق کروایا۔** یعنی تمام سر کے بال اتروائے اور احرام کھول دیا۔

میں وبال یافتہ اور دشمن کے گھر میں کمزور تھا جو کہ اقتصادیات میں تنزلی کی طرف مائل کر رہا تھا۔

زائچہ پیدائش میں آٹھویں گھر کا مالک زحل بارہویں گھر میں طلوع تھا جس کی وجہ سے آپ نے اپنی رہائش کو خفیہ رکھا۔ زحل بارہویں گھر میں خصوصی قوت کا مالک ہوتا ہے جس کی وجہ سے آپ نے بہت عرصہ تک دشمنوں سے خود کو اخفاء کرنے کے بجائے شاہی محل کے رہائش کے آپ نے ایک بینکر کو اہمیت دی۔ نیز اپنے ساتھ خیمے رنگ برنگے رکھتے تھے اور جدھر دیکھا کوئی خطرہ ہے تو اُڑان کر کے دوسری جگہ پر پہنچ جاتے تھے۔ راس کا دور زندگی میں اچھے اثرات دیتا ہے۔ راس کا دور اکبر 10 فروری 1992ء تا 10 فروری 2010ء تک جاری تھا۔ جس میں آپ دشمنوں میں گھرے رہے مگر ان سے خود کو حفاظت میں رکھنے کی تدابیر کو مقدم رکھا۔ بدقسمتی سے سیارہ پلوٹو 2008ء سے قمری برج کے دسویں گھر میں آیا تو اقتدار ڈانواڈول ہونے کے اثرات نظر آگئے۔ اس زائچہ میں دو سیاروں کا باہم اتحاد حقیقی ہے۔ قمر گیارہویں گھر برج حمل سیارہ مریخ کے گھر میں قابض ہے اور سیارہ مریخ قمر کے برج سرطان میں قابض ہے۔ دونوں سیاروں کی باہم نیک نظر ہے جو کہ دونوں گھروں کے منسوبات کو ابھارتا ہے۔

زائچہ میں ذنب سے لے کر راس تک سارے سیاروں کے دور اختتام پذیر ہوئے۔ آخر میں بڑھاپے والے درجہ 29 پر حرکت کرنے والے سیارہ مشتری کا دور اکبر مورخہ 10 فروری 2010ء سے جاری ہوا۔ جس کا دور اصغر 10 فروری 2010ء تا 28 مارچ 2012ء تک محیط ہے ہم پہلے بھی تحریر کر چکے ہیں کہ مشتری ان کے زائچہ کے آخری باب کی رہنمائی کرتا ہے۔ خانہ ہفتم قاطع زندگی سے منسوب ہے اس سال کے ابتداء یعنی آغاز پر لیبیا میں اٹھنے والی بغاوت کے طوفان کو بھرپور کوششوں کے باوجود وہ روکنے میں کامیاب نہ ہو سکے اور اس طوفان نے بالآخران کا کام تمام کر دیا۔ کرنل قذافی کی پیدائش یعنی جنم کے وقت قمر ذنب کے منزل میں تھا۔ ذنب بغاوت کا منسوبی سیارہ ہے۔ اس لئے آپ برسر اقتدار بغاوت کے ذریعے ہوئے اور بغاوت کے نتیجے میں ہی افسوس ناک انجام سے دوچار ہوئے۔ یورینس جب ان کے قمری مقام کے درجہ پر (یعنی گزشتہ برس یورینس برج حمل میں داخل ہوا) گزرا تو آپ چند ماہ قبل سے نہ رکنے والی عوامی بغاوت کا شکار ہو گئے۔ بن غازی شہر سے ان کے خلاف اٹھنے والی بغاوت نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ آپ کے حلفیہ زائچہ میں یورینس 7 گھر میں برج میزان میں تھا اور جب گوچر کے یورینس سے نظر مقابلہ بنایا تو مکافات عمل سامنے آگیا۔

42 سال قبل کرنل قذافی لیبیا کے بادشاہ ادریس کے خلاف بغاوت کا بیس کیمپ جس شہر کو بنایا تھا وہ بھی بن غازی میں تھا!! آپ کی موت کے روز طالع پیدائشی برج جوزا کا مالک سیارہ عطارد چھٹے گھر میں بارہویں گھر کے مالک سیارہ زہرہ کے ہمراہ تھا بارھواں گھر خفیہ دشمن اور چھپ کر حملہ کرنے والوں سے منسوب ہے۔ دونوں سیارگان جلاد فلک مریخ کے برج گھر میں موجود ہو کر دسویں گھر کا مالک مشتری ہے دسواں گھر زندگی سے منسوب جس کا مالک سیارہ مشتری بارہویں گھر میں مقیم ہو کر طالع کے مالک سے نظر مقابلہ بنا رہا ہے یہ نظر اوضاع فلکی خفیہ سازش مخبری، ظاہر خواہ خفیہ دشمنوں کی کارستانیوں کے نتیجہ کی رہنمائی کرتا ہے۔ موت اور زندگی کی اس کشمکش میں رہنے والے فرد کی دلیل کو واضح کرتا ہے۔ کسی باغی ساتھی کا رول اول نمبر پر ہے۔ آٹھویں گھر میں پلوٹو سرکش لوگوں سے جھگڑے عجیب غریب کے تشدد بیماری کے دلائل نظر آتے ہیں۔ نیز زحل آٹھویں گھر کا مالک اپنے گھر سے نظر تربیع نجوم میں موت کی دلیل ہوتی ہے۔ واللہ اعلم بالثواب (اللہ کسی کو ایسی بے عزتی کی موت نہ دے۔)

”پراسرار علم قبالہ“

تحریر: رشید منجم (اسلام آباد)

نوٹ:۔یہ مضمون اس موضوع پر پہلی بار شائع کیا جا رہا ہے۔ابجد عبرانی ہے۔

دنیا میں اور قدیم اقوام میں کئی طرح کے پراسرار علوم مروج ہیں، افریقہ میں جادو، بدھ مت لارڈ، بدھا، بھارت جنتر منتر اور تنتر مسلمانوں میں جفر سے کام لیا جاتا ہے کئی ملکوں میں اب بھی شیطان کی پوجا کی جاتی ہے یہ کام کرنے والا ہر عمل کو سچا اور دوسروں کو جھوٹا جانتا ہے ہمیں اس بحث میں نہیں پڑنا کہ کون سچا یا جھوٹا ہے یہ تو آدمی کا ضمیر، عقیدہ اور مذہب بتاتا ہے مگر اس کے لئے تحقیق کی ضرورت ہوتی ہے جو کوئی نہیں کرتا۔

یہودیوں کے نزدیک نہایت پراسرار علم جو انتہائی خفیہ اور باطنی شکل میں موجود اس کا نام قبالہ ہے جسے وہ حضرت سلیمان علیہ السلام سے بھی پہلے کا قرار دیتے ہیں اس علم کی جھلک ان کی مذہبی کتاب زہار کے علاوہ دیگر مذہبی کتب مثلاً تالمود، گمارا، مشنہ وغیرہ ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔قبالہ یہودیوں کا خالص فلسفہ، باطنی عقائد اور باطنی تشریحات کا مجموعہ ہے۔ہمارے ہاں کے کئی علوم پر قبالہ کے اثرات ہیں، جن میں جادو، آسیب کا علاج، علم النفس، کشف القبور، طلسم بنانے کے طریقے، سونا بنانے کے طریقے، سیاروں کے سعد و نحس اثرات، درازی عمر کے اکسیر بنانے کے طریقے، جنسی لذت بڑھانے کے نسخے شامل ہیں، اس کے علاوہ اور بھی کئی باتیں ہیں جن کو افشا کرنے کا حکم نہیں ہے یہ انسان کی ترقی کے دور میں دور سحر کی یادگاریں ہیں لیکن ہمارے معاشرے میں اب بھی ان باتوں کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔علم قبالہ حصوں میں تین بڑے حصے ہیں پہلا حصہ حروف ابجد کا علم ہے جس طرح ہم نے ابجد حطی ہوز کی قیمت مقرر کی ہوئی ہے جیسا کہ ہم بسم اللہ کے حروف ۷۸۶ قرار دیتے ہوئے ہیں اسی طرح عبرانی حروف ابجد کے بھی حروف ہیں اور ان کے اعداد ہیں۔موسوی (علیہ السلام) شریعت جسے عہد نامہ قدیم بھی کہا جاتا ہے اس سے کلمات لے کر اعداد نکال کر اہم پیش گوئیاں کرنا، اور آنے والے واقعات کی نشاندہی، قبالہ کا دوسرا حصہ بھی اعداد کی ایک خاص ترتیب پر ہے۔اس طریقے سے کسی ایک خاص جملے کے اعداد نکال کر اس کے پہلے حرف کو لے کر اکٹھا کیا جاتا ہے اور ایک نیا جملہ بنا دیا جاتا ہے۔اس کی مثال اس طرح ہے کہ عہد نامہ قدیم میں ایک جگہ آتا ہے کہ کون آسمان پر جائے گا اگر اس کا عبرانی ترجمہ کر کے ہر لفظ کے پہلے حرف کے اعداد جمع کر کے ایک جملہ بنایا جائے تو بنتا ہے کہ جو ختنہ شدہ ہے۔یہودا (عبرانی میں اس خدا کا نام) تک جائے گا۔اب قبالے کا تیسرا طریقہ جس کا نام تیمورا ہے یہ حروف کی ترتیب بدلنے کا ہے اگر عبرانی ابجد دسویں حرف کو پہلا بنا دیا جائے تو ایک ہمیں ایک نیا لفظ ملے گا۔ابجد عربی اور عبرانی زبانیں کافی ملتی جلتی ہیں۔

قبالہ نمبر 2

اب میں عبرانی ابجد کے بارے میں مختصر بتاتا ہوں، عبرانی ابجد کا پہلا حرف الف ہے اور عدد ایک ہے۔مثلاً

الف (عدد ایک)، بیتھ (2)، گمل (3)، دالتھ (4)، ہے (5)، واؤ (6)، سین (7)، ہیلتھ (8)، تے تھ (9)، یودا (10)، کاف (20)، گف (30)، لامد (40)، میم (50)، نون (60)، سانج (70)، عیسن (80)، پے (90)، قوف (100)، ریش (200)، سین (300)، تاؤ (400)، کاف موتوف (500)، میم موتوف (600)، نون موتوف (700)، پے موتوف (800)، ضواد موتوف (1000)۔یہ تھے عبرانی حرف۔

ابجد جنہیں وہ استعمال کرتے ہیں یہ ایک علم جمارا اور قبالہ کا مختصر تعارف ہے اس کے بعد زندگی نے وفا کی تو عبرانی حروف شکلیں، وہ حروف کو لوح اور طلسم میں کس طرح استعمال کرتے ہیں اور ان کی شکلیں کیا ہیں تاکہ آپ کو پتا چلے کہ آپ جو لوح یا طلسم بنا رہے ہیں۔یا آپ کو پتہ چلے کہ آپ کیا تحریر کر رہے ہیں۔

میرا اس ضمن میں کوئی دعویٰ نہیں کہ میں قبالہ، جمارا یا مشنہ کا ماہر ہوں مجھے جو کچھ بھی حاصل ہوا اور جیسے بھی ملا میں نے بہت دھکے کھا کر حاصل کیا۔میں زندگی کے اس موڑ پر ہوں جہاں دوسری سانس کا پتہ نہیں ہے۔میں چاہتا ہوں کہ جو کچھ میرے پاس ہے اسے تقسیم کر جاؤں مگر میری اولاد سمیت

کوئی لینے والا نہیں ہے۔ میں نے علم قبالہ پر ایک رائی کے دانے کے برابر لکھا ہے ورنہ اس پر کئی کتابیں لکھی جا سکتی ہیں۔ قبالہ میں دو جزوں کو خصوصی اہمیت دی جاتی ہے ایک تو جیسے انگلش کا لفظ G اس میں ایک آنکھ بنائی جاتی ہے جس کا مطلب خدا کی آنکھ لیا جاتا ہے جو دنیا اور لوگوں کے اعمال کو دیکھ رہی ہے۔ دوسرا سورج کو انسانی شکل میں بنایا جاتا ہے۔ اور اس کی آنکھیں کھلی ہوتی ہیں کیونکہ ان کے نزدیک سورج کبھی نہیں سوتا۔

علم قبالہ ہزاروں سال کا قدیم مکمل علم ہے جس کو ان کے ماہر عملیات جنہیں وہ ربی یا کاہن کہتے ہیں وہ غیر یہودی کو بالکل نہیں بتاتے نہ سکھاتے ہیں حضرت سلیمان علیہ السلام کو پیغمبر نہیں مانتے انہیں یہ بادشاہ کہتے ہیں۔ ہمارے نزدیک ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر آئے ہیں مگر یہ زبور عہد نامہ قدیم کے علاوہ کسی الہامی کتاب اور چند پیغمبروں کے علاوہ کسی کو نہیں مانتے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے جادو سحر اور دیگر پُر اسرار علوم کے بارے میں جتنا علم اپنے تخت کے نیچے دفن کرا کے اسے ممنوع قرار دیا تھا۔ یہودیوں کے نزدیک جس شخصیت نے پلک جھپکنے سے پہلے ملکہ بلقیس کا تخت حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار میں پیش کر دیا تھا اسے وہ علم قبالہ کا امام تصور کرتے ہیں۔

اس پرانے اور پراسرار علم کو دیگر پراسرار علوم کی ماں کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ اس میں حرف کی قوت بڑھانے کا بھی ایک طریقہ ہے مثلاً لفظ ہے اس کی قوت ایک ہے ہم اس کی قوت بڑھانا چاہتے ہیں تو ہم نے اسے الف لکھا اب اس کی قوت ایک سو دس (110) ہوگئی۔

اب میں اپنا مضمون یہیں پر ختم کرتا ہوں۔ انشاء اللہ العزت تندرستی برقرار اور زندگی بخیر تو پھر خدمت میں حاضر ہوں گا۔

ترقی علم کے لئے

آیت مبارکہ:

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَ یَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ۔

ترقی علم اور کشادگی ذہن کے لئے ہر روز صبح کی نماز کے بعد اکیس روز پڑھنے سے ذہنی اور علمی ترقی حاصل ہو جاتی ہے۔ عمل مجرب ہے۔

پلوٹو قوت اور توانائی

تحریر:۔ نبیل مزمل (ملتان)

سال کے آغاز سے دیکھا جائے تو قوت ہمت اور طاقت کا حاکم سیارہ برج جدی میں مقیم ہے اس برج کو جسمانی دماغی اور روحانی تبدیلی کا بھی برج مانا جاتا ہے۔ جو کہ حکمرانوں کی تبدیلی کا باعث بن سکتا ہے جو کہ ان کے اعمال کی جانب اشارہ دے رہا ہے۔ روحانی اثرات کو تیز تر کرتا ہے یہ ہر مقام پر ایک قدم آگے بڑھ کر کائنات کو روحانی تبلیغ کی جانب دعوت دیتا ہے جبکہ مشتری کا ثور میں قیام اور پلوٹو کی جانب سعد نظر سے دیکھنا اس کی قوت اور طاقت کو مزید تقویت دیتا ہے دوسری جانب اس کا ہم اثر سیارہ مریخ پانچویں گھر سے پلوٹو کو سعد نظر سے دیکھ رہا ہے یعنی سال کا آغاز مکمل قوت اور توانائی کے ساتھ ہوگا۔ یہ بھی قوی امکان ہے کہ دُنیا میں بڑی تبدیلیاں رونما ہوں پلوٹو مشتری اور مریخ کی تثلیث سے ایک خوبصورت ماحول میسر آ رہا ہے جو کہ روحانی وسائل کو بڑھانے کی جانب اشارہ ہے۔ دیگر زحل خانہ شرف میں موجود ہو کر اس روحانی توانائی میں مزید اضافہ کا باعث بنتا ہے۔ پلوٹو کو ایک برفانی چٹان مانا گیا ہے اور یوں سمجھ لیں کہ جیسے کائنات میں اس طرح روشن ہے کہ جیسے سمندر میں چمکتا ہوا ایک پتھر یہ ہمارے چاند سے بہت چھوٹا ہے۔ سورج کی روشنی جو کہ 8 منٹ کے اندر ہم تک پہنچ جاتی ہے وہ 5 گھنٹے تک بھی پلوٹو کو چھو نہیں سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ دُنیاوی تبدیلی کیلئے پلوٹو سے خارج ہونے والی شعاعوں کو بہت طاقتور مانا جاتا ہے۔ پلوٹو کو اپنی مرضی سے بھی زندگی گزارنے کا بھی سیارہ کہا جاتا ہے۔

سینٹ بن نے 42 ویں صدی عیسوی میں عیسائیت کے فروغ کیلئے کئی مذہبی عقائد کی بنیاد رکھی تو اُس وقت بھی پلوٹو کو خاص نظر سے دیکھا گیا کہ اُس کی سعدیت کس حد تک برقرار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ روحانی اثرات کے زیر اثر عیسائی مذہب کو موت اور قیامت پر تعمیر کیا گیا۔ پلوٹو کی تبدیلی رومن لوگوں کیلئے بھی بہت اثر انداز ہوتی ہے جو کہ ان کی قوت اعرعمل کو بہت با اختیار بناتا ہے۔ اس کی نحوست میں۔ عیسائی مذہب کے نزدیک عیسائیوں کا قتل عام اور زمینی آفات مانے جاتے ہیں جس سے بیش قیمت جانوں کا نقصان ہوتا ہے۔ اور سعدیت کے وقت میں دیگر مذاہب کے نزدیک یہ چرچ اور مندروں کی تعمیر کا باعث بنتا ہے لیکن سال 2012ء میں جہاں پر دنیا کا ایک خطرناک خوف میں مبتلا کیا جا رہا ہے کہ اس سال کے آخر میں زمین کی تباہی ممکن ہے دوسری جانب پلوٹو کی سعدیت اور قوت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

آغاز قمری ہجری تقویم

تحریر: فضل محمود نقاش (ترنڈہ محمد پناہ)

نوٹ: (ادارہ کا مضمون نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں) پیارے قارئین کرام! چونکہ قمری ہجری تقویم ہشت سالہ تقویم ہے اس لئے قمری ہجری سال کو آٹھ پر تقسیم کر کے باقی ماندہ عدد پر تاریخ وایام میں مطابقت کر لیں۔ اس جدول تقومی میں ایام شہور میں 29/30 کا قانون استعمال نہیں ہوتا۔

شمار	شہور ہجری	ایام غرہ محرم الحرام ہجری تقویم							تاریخات
۱	محرم، شوال	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	اتوار	۱،۸،۱۵،۲۲،۲۹
۲	جمادی الثانی، ذیقعدہ	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	اتوار	پیر	۲،۹،۱۶،۲۳،۳۰
۳	صفر، رجب	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	اتوار	پیر	منگل	۳،۱۰،۱۷،۲۴ x
۴	ربیع الاول، ذوالحجہ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	اتوار	پیر	منگل	بدھ	۴،۱۱،۱۸،۲۰ x
۵	شعبان	جمعہ	ہفتہ	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	۵،۱۲،۱۹،۲۶ x
۶	ربیع الثانی، رمضان	ہفتہ	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	۵،۱۳،۲۰،۲۷ x
۷	جمادی الاول	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	۷،۱۴،۲۱،۲۸ x
ہشت سالہ دور کے مطابق		۱	۶	۳	۰/۵	۲	۷	۴	باقی ماندہ سال

مزل روحانی جنتری میں محترم شہزادہ منظور علی سموں صاحب (ٹنڈو محمد خان) کا تحفہ "تقویم ہجری" تقویم قمری شہور کی 30 اور 29 دنوں پر مشتمل کے بعد دیگرے مہینوں پر ہے چونکہ مہینوں کے تعداد ایام میں بعض اوقات ایک یا دو دن کا فرق پڑ جاتا ہے۔ اس کی وجہ کسری اوقات کا شمار نہ کیا جانا اور مطلع غربی کا ابر آلود ہونا ہے۔ قمری صدیوں کا جدول درج ذیل ہے:

"قمری صدیوں کا جدول"

صدیاں اور ایام		صدیاں اور ایام		صدیاں اور ایام	
۱۰۰	۳۵۴۳۷	۸۰۰	۲۸۳۴۹۳	۱۵۰۰	۵۳۱۵۵۰
۲۰۰	۷۰۸۷۳	۹۰۰	۳۱۸۹۳۰	۱۶۰۰	۵۶۶۹۸۷
۳۰۰	۱۰۶۳۱۰	۱۰۰۰	۳۵۴۳۶۷	۱۷۰۰	۶۰۲۴۲۳
۴۰۰	۱۴۱۷۴۷	۱۱۰۰	۳۸۹۸۰۳	۱۸۰۰	۶۳۷۸۶۰
۵۰۰	۱۷۷۱۸۳	۱۲۰۰	۴۲۵۲۴۹	۱۹۰۰	۶۷۳۲۹۷
۶۰۰	۲۱۲۶۲۰	۱۳۰۰	۴۶۰۶۷۷	۲۰۰۰	۷۰۸۷۳۳
۷۰۰	۲۴۸۰۵۷	۱۴۰۰	۴۹۶۱۱۳	۲۱۰۰	۷۴۴۱۷۰

پندرھویں صدی ہجری قمری اوران کادور کبیر 1470 تک

قمری ہجری تقویم 19/16 جولائی 622ء بمطابق یکم محرم الحرام 1 ہجری بروز منگل سے جاری ہے۔ چنانچہ یہ حصہ تقویم ابتداء سے کام دے سکتا ہے۔

	۱۴۰۱	۱۴۰۲	۱۴۰۳	۱۴۰۴	۱۴۰۵	۱۴۰۶	۱۴۰۷	۱۴۰۸
	۱۴۰۹	۱۴۱۰	۱۴۱۱	۱۴۱۲	۱۴۱۳	۱۴۱۴	۱۴۱۵	۱۴۱۶
	۱۴۱۷	۱۴۱۸	۱۴۱۹	۱۴۲۰	۱۴۲۱	۱۴۲۲	۱۴۲۳	۱۴۲۴
	۱۴۲۵	۱۴۲۶	۱۴۲۷	۱۴۲۸	۱۴۲۹	۱۴۳۰	۱۴۳۱	۱۴۳۲
	۱۴۳۳	۱۴۳۴	۱۴۳۵	۱۴۳۶	۱۴۳۷	۱۴۳۸	۱۴۳۹	۱۴۴۰
	۱۴۴۱	۱۴۴۲	۱۴۴۳	۱۴۴۴	۱۴۴۵	۱۴۴۶	۱۴۴۷	۱۴۴۸
	۱۴۴۹	۱۴۵۰	۱۴۵۱	۱۴۵۲	۱۴۵۳	۱۴۵۴	۱۴۵۵	۱۴۵۶
	۱۴۵۷	۱۴۵۸	۱۴۵۹	۱۴۶۰	۱۴۶۱	۱۴۶۲	۱۴۶۳	۱۴۶۴
	۱۴۶۵	۱۴۶۶	۱۴۶۷	۱۴۶۸	۱۴۶۹	۱۴۷۰	☆	☆
محرم الحرام ۳۰	منگل	ہفتہ	بدھ	اتوار	جمعہ	منگل	اتوار	جمعرات
محرم الحرام ۲۹	جمعرات	پیر	جمعہ	منگل	اتوار	جمعرات	منگل	ہفتہ
محرم الحرام ۳۰	جمعہ	منگل	ہفتہ	بدھ	پیر	جمعہ	بدھ	اتوار
محرم الحرام ۲۹	اتوار	جمعرات	پیر	جمعرات	بدھ	اتوار	جمعہ	منگل
محرم الحرام ۳۰	پیر	جمعہ	منگل	ہفتہ	جمعرات	پیر	ہفتہ	بدھ
محرم الحرام ۲۹	بدھ	اتوار	جمعرات	پیر	ہفتہ	بدھ	پیر	جمعہ
محرم الحرام ۳۰	جمعرات	پیر	جمعہ	منگل	اتوار	جمعرات	منگل	ہفتہ
محرم الحرام ۲۹	ہفتہ	بدھ	اتوار	جمعرات	منگل	ہفتہ	جمعرات	پیر
محرم الحرام ۳۰	اتوار	جمعرات	پیر	ہفتہ	بدھ	اتوار	جمعہ	منگل
محرم الحرام ۲۹	منگل	ہفتہ	بدھ	پیر	جمعہ	منگل	اتوار	جمعرات
محرم الحرام ۳۰	بدھ	اتوار	جمعرات	منگل	ہفتہ	بدھ	پیر	جمعہ
محرم الحرام ۳۰/۲۹	جمعرات	منگل	ہفتہ	جمعرات	پیر	جمعہ	بدھ	اتوار

اس قاعدہ کے مطابق غرہ محرم الحرام سے پورے سال کے لئے تقویم اندراج ایام درج ہے۔ تقویم کے اس حصہ کو منظور علی سموں کے جدول سے ذرا آگے درج کرلیں۔ بندہ نے دونوں اقسام کی تقادیم ہجری قارئین کرام کے حضور پیش کردی ہیں تاکہ سمجھنے میں آسانی رہے۔

قارئین کرام میرے ایک فاضل دوست علم تقویم سے نا آشنا ہیں، یہ علم دراصل علم نجوم والہیئت کا حصہ ہے۔ چنانچہ شمسی طریقہ سے تقویم میں انسانوں نے اپنی مرضی شامل رکھی ہے۔ خاص طور پر روز واقعہ کو بڑی اہمیت دی ہے جبکہ فصلی اور اعتدالی تقادیر میں اعتدال ربیع وخریف یا انقلاب صیفی وشتائی کا خیال رکھا ہے۔ اس لئے مہینوں کے دلوں کی تعداد مقرر کرتے وقت 28، 29، 30، 31، 32 دنوں کے مہینے مقرر کئے ہیں۔ چنانچہ ان باتوں کو محمد میر فاضل دوست نے سخت ناپسند فرمایا ہے اور تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور اپنے مضمون جوابی میں حوالہ دیا ہے۔ اگر اس معاملہ کے بارے میں ذرا بھی علم رکھتے تو اس قسم کی تنقید نہ فرماتے۔

(بقیہ حصہ صفحہ نمبر37 پر ملاحظہ فرمائیں)

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	1	8:52 تا 9:43	12:16 تا 13:07	مغرب	—	جنوب

قائم بندش

(مقصد عمل)

سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت و آفت طاری کرنے کیلئے عمل کی قوت سے کام لیا جاسکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ عمل کے تحت موکلات و جنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلا وجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو عمل کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہوگا کہ تاحیات جان بخشی نہ ہوگی۔

(عمل) درج بالا ساعتوں میں سیہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔ مربع آتشی خاکی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کٹ پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر اس کے درمیان میں سیہ کانٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کر دیں۔ جس شخص کے لیے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائے گی۔ اُس پر ویسے ہی مصیبت و عذاب نازل ہوگا لیکن قارئین اس عمل کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔ قبل از عمل استخارہ لازمی کریں کیونکہ عمل نہایت سخت ہے استخارہ میں اجازت عمل ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(نوٹ): یہ عمل عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جا رہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم و جابر شخص کیلئے کیا جاسکے۔ کیونکہ ظالم کا ظلم سہنا بھی ظالم کا ساتھ دینے کے برابر ہے۔ کوشش کی جائے کہ برداشت کی آخری حد پر عمل کیا جائے۔

عطارد تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	7	7:11 تا 08:03	11:29 تا 12:21	جنوب مشرق	19:48 تا 20:56	مغرب

حل المشکلات

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر میں اپنی مشکلات کے حل کے لئے عمل کر سکتے ہیں۔ خواہش جائز ہونی چاہئے آج کے عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

(عمل) 21 بار درود شریف، 21 بار سورۃ مزمل، 21 بار درود شریف آخر میں پڑھیں۔ بعد پڑھائی سفید کاغذ پر زعفران کی سیاہی سے سورۃ مزمل لکھیں۔ اس کاغذ پر اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لکھیں اس لکھے گئے کاغذ کو فریم بنوا کر دکان یا مکان میں لٹکا دیں۔ دکان کی بندش اللہ کے حکم سے ختم ہوگی۔ رزق میں اضافہ ہوگا۔ بچوں کے رشتے کے بارے میں پریشان والدین اس کاغذ کو تعویذ کی صورت میں لپیٹ کر بچی کے دائیں بازو پر باندھ دیں کی ہر روز بعد نماز فجر 7 بار اول آخر درود شریف اور 7 بار سورۃ مزمل پڑھ کر اس کاغذ پر دم کریں۔

عطارد تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	8	08:52 تا 09:43	11:29 تا 12:21	مغرب	22:04 تا 23:13	جنوب

بربادی دشمن

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آچکے ہوں اور طاقتور

شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 9 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان قبروں کی مٹی اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 90 بار سورہ ا لہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت وہ مٹی اس عمارت میں ایسی جگہ پر ڈال دیں کہ جس جگہ پر مٹی ڈالنے سے اُس کی بے حرمتی نہ ہو۔

روزانہ 80 بار سورہ الہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلا ناغہ پڑھیں۔

واضح رہے کہ سیاروں کی اس نظر میں مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے اور ان میں آپس میں پھوٹ ڈالنے کے لئے بھی یہ عمل کیا جاسکتا ہے۔ وہ افراد اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں جن کو خدشہ ہو کہ دو یا چار لوگوں کے ملنے سے ان کو نقصان پہنچا ہے۔ یاد رہے کہ ناجائز عمل ہرگز فائدہ نہ دے گا۔ بلکہ الٹا نقصان کا سبب بنے گا۔

شمس تثلیث مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	13	7:11 تا 8:03	13:13 تا 14:04	مشرق	19:48 تا 20:56	جنوب مشرق

تسخیر امراء

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت غلبہ دشمن، تسخیر افسران بالا، تسخیر امراء، سخت دل اور دولت مند لوگوں کو مسخر کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) درج بالا وقت میں گولڈن کاغذ پر طلسم شمس کندہ کریں اور اس طلسم کے بالکل نیچے **یا ودود یا اللہ یا ودود یا غنی یا ودود یا مغنی یا ودود یا باسط** تحریر کریں جس شخص کو مسخر کرنا ہو درج بالا اسم الٰہیہ اس وقت میں بیٹھ کر 1100 بار ورد کریں اور اس طلسم پر دم کر دیں نیچے اپنا مقصد بھی تحریر کریں۔ اس کاغذ کو اس طرح سے تہہ کریں کہ اسم الٰہیہ اور مقصد تحریر بالکل طلسم اوپر ہو یعنی دونوں تحریریں آپس میں مل جائیں۔ ایسے 4 نقش تیار کریں ان میں سے ایک نقش مطلوبہ شخص کی راہ گزر مکان، دفتر یا دوکان میں رکھ دیں۔ دوسرا نقش پھل دار درخت سے باندھ دیں اور تیسرا نقش گڑ شکر یا چینی یا شہد میں رکھیں چوتھا نقش اپنے پاس رکھیں۔ روزانہ درج بالا اسم الٰہیہ کو 200 بار ورد میں رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ غلبہ دشمن کیلئے یا قوی یا قابض کا اضافہ کر کے تحریر ورد کریں۔ جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہوں 2318 عدد میں نام سائل مع مقصد مع نام مطلوب کے عدد قمری کا اضافہ کریں اور جو لوگ غلبہ دشمن چاہتے ہوں وہ مزید 1018 عدد کا اضافہ کریں گے۔ نقش چال آتشی مربع سے پُر ہوگا۔

زہرہ تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	13	07:11 تا 8:03	13:13 تا 14:04	مشرق	19:48 تا 20:56	جنوب مشرق

مالی فائدہ

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں بزرگ خواتین سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا کروائی جاسکتی ہے یا بزرگ خواتین سے دنیاوی اور دینی فائدہ کے حصول کیلئے مدد لی جاسکتی ہے یا وہ بزرگ خواتین جو کہ اثاثہ مال و جائیداد رکھتی ہو اور کوئی شخص ان سے مالی فائدہ لینے کا خواہشمند ہو سیاروں کی اس نظر میں عمل کر سکتا ہے۔

(عمل) نیلے رنگ کے کاغذ پر دائرہ بنائیں اس دائرہ کے اطراف میں **یا اللہ یا غنی یا مغنی یا منعم بحق یغنیھم اللہ من فضلہ بحق کھیعص بحق حمعسق بحق آلر بحق الم** تحریر کریں اور درمیان میں اپنا مقصد لکھیں۔

فرض کریں کہ ایک شخص کسی بھی بزرگ عورت سے مالی یا روحانی یا والدہ سے وراثتی جائیداد چاہتا ہے تو وہ شخص اس طرح دائرہ کے درمیان اس طرح عزیمت لکھے گا۔ الٰہی بحرمت اسمائے مبارکہ وہ آیت مبارکہ حروف مقطعات فلاں بن فلاں کا دل میرے لئے اس قدر نرم کر دے کہ (اپنا مقصد) فوری حل ہو بوسیلہ واسطہ **یا ایھا المزمل** ان شاءاللہ تعالیٰ چند یوم میں مقصد پورا ہوگا بشرطیکہ درج بالا دعا مبارکہ مع اسم الٰہی روزانہ 313 بار اول آخر درود شریف کے ہمراہ ورد میں رکھے۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا اسم الٰہیہ و آیت مبارکہ کے اعداد ابجد قمری استخراج کر کے نام مع سائل مع والدہ + اعداد مقصد + نام فرد حصول مقصد کل اعداد برآمد کر کے مربع خالی البطن تحریر کریں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ باقی عمل ورد درج بالا طریقہ سے کریں۔

زہرہ تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	15	11:32 تا 12:24	14:08 تا 14:56	جنوب مغرب	17:31 تا 18:39	مغرب

(نوٹ) درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں، دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے۔ (ادارہ)

تسخیر مال و دولت

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر تسخیر دولت حصول مال کیلئے بہت مجرب ہے اس کے علاوہ اسی نظر کے تحت تسخیر محبوب کیلئے بھی اعمال کئے جاسکتے ہیں۔

(عمل) چاندی کی تختی پر **یا منعم یا معز یا باسط یا ودود** کل عدد 409 اسم الٰہی کے اعداد استخراج کرنے کے بعد اپنے نام اور پھر مقصد کے عدد شامل کر دیں۔ کل اعداد حاصل کرنے کے بعد مخمس چانڈی کی پلیٹ پر تیار کریں دوسری جانب دونوں سیاروں کا طلسم تحریر کریں قبل از عمل بخورات روشن کریں۔ تیار کی گئی لوح کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں روزانہ ورد درج بالا اسم الٰہی کا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مقصد پورا ہو جائیگا۔ جو لوگ نقش تیار نہ کر سکیں وہ چاندی کی تختی یا ہرن کی جھلی پر درج بالا اسم الٰہی ساعت مبارکہ میں 409 بار ورد کریں ہر اسم کو 14 بار اطراف میں لکھیں درمیان میں اپنا مقصد تحریر کرنے کے بعد دونوں سیاروں کا طلسم بنائیں اور دی گئی ہدایت کے مطابق اپنے بازو پر باندھ لیں۔

شمس تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	20	9:47 تا 10:40	12:24 تا 13:16	شمال	18:45 تا 19:54	مشرق

پریشانی مسلط کرنا

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر نحس مانی جاتی ہے اس خاص نظر کے تحت دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا یا تباہ و برباد کرنا یا اُس پر پریشانی مسلط کرنا جیسے اعمال کئے جاتے ہیں۔ قارئین معمولی رنجش کی بناء پر عمل کرنے سے گریز کریں۔

(عمل) متذکرہ بالا نظر کے تحت سورۃ الکوثر کچی مٹی کی اینٹ پر چاروں اطراف تحریر کریں۔ آخری آیت کے آخر میں لفظ ابتر 3 بار لکھیں اور 3 بار ہی دشمن کا نام لکھیں اگر دشمن کے جسم میں تیز حرارت اور بے چینی پیدا کرنے کا خیال ہو تو اس اینٹ کو دہکتی آگ میں رکھ کر 108 بار سورۃ مبارکہ کا ورد کریں اور اگر تباہ و بربادی کا خیال ہو تو بہتے ہوئے پانی میں ڈال کر سورۃ مبارکہ 80 بار پڑھیں۔ عمل کی رجعت سے محفوظ رہنے کیلئے تل اور شکر قبل از عمل قبرستان میں پھینک دیں۔

شمس تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	22	07:11 تا 08:03	11:32 تا 12:24	جنوب مغرب	17:37 تا 18:45	مغرب

بربادی خانہ دشمن

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر دشمنوں کی تباہ و بربادی کے لئے موثر مانی جاتی ہے۔

(عمل) اس نظر میں اگر مسان دستیاب ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ 8 قبروں کی مٹی حاصل کریں اور اس مٹی پر **یا منتقم یا مذل** کا ورد 90 بار کریں۔ بعد از ورد **سورۃ لھب** 80 بار پڑھیں۔ آخر میں دوبارہ مذکورہ بالا **اسمائے حسنیٰ** کا ورد 90 بار کریں۔ دشمن کی خانہ بربادی کیلئے بدعا کریں اور اس مٹی کو خانہ دشمن میں ڈال دیں۔

وہ لوگ جو نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا سورۃ مبارکہ اور اسمائے مبارکہ کے عدد ابجد قمری میں مقصد کے اعداد شامل کر کے دشمن کے نام مع والدہ کے عدد بھی شامل کر دیں نقش مربع معکوس خاکی پُر ہوگا۔ 4 نقش بنانے کے بعد 3 قبرستان میں دفنا دیں جبکہ چوتھا خانہ دشمن میں مسلسل 8 روز تک درج بالا طریقہ سے ورد مذکورہ بوقت غروب آفتاب سے 15 منٹ قبل شروع کریں۔ انشاءاللہ جلد ہی عمل کا اثر ظاہر ہوگا۔ یاد رہے کہ معمولی دشمنی یا رنجش کی بناء پر عمل نہ کیا جائے کیونکہ اس کے رجعی اثرات اتنے سخت ہوتے ہیں کہ دیوانگی اور پاگل پن کی حالت میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ لہٰذا عمل شروع کرنے سے قبل صدقہ لازمی دیں۔ اعداد سورۃ مبارکہ اسم الٰہی ادارہ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

عطارد تثلیث مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
سوموار	23	09:47 تا 10:40	12:24 تا 13:16	مغرب	18:39 تا 19:48	جنوب

علاج بلڈ پریشر

(مقصد عمل) ایسے مریض جو کہ بلڈ پریشر ہائی یا بلڈ پریشر لو کا شکار ہوں کئی علاج کروانے کے بعد بھی شفاء حاصل نہ ہو رہی ہو آج کے دن کے عمل کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) مریض کے قد کے برابر ایک سرخ رنگ کی ڈوری لیں۔ اس ڈوری پر حروف صوامت جو کہ بندش کے لئے استعمال ہوتے ہیں 13 بار

پڑھ کر 1 گرہ لگا دیں لیکن پڑھتے وقت اپنے سانس کو روک لیا جائے اسی طرح کچھ فاصلے پر دوسری گرہ لگائی جائے لیکن اس وقت میں اس مریض کو اپنے سامنے لٹائیں ایسے ہی اس ڈوری پر 13 گرہ لگائیں اور یہ ڈوری مریض کو پہننے کیلئے دے دیں حیرت انگیز طور پر دیکھا گیا ہے کہ مریض کو دوبارہ بلڈ پریشر کی شکایت نہیں ہوتی ہے۔ نقش بنانے کیلئے عدد 543 کو چاروں چالوں سے مربع میں پر کریں نیچے مقصد تحریر کرنے کے بعد خاکی نقش مریض کو پہننے کیلئے دیں جبکہ باقی تین نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کریں۔

عطارد تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	27	08:02 تا 08:56	14:12 تا 15:04	شمال	21:04 تا 22:12	مشرق

عمل شر

(مقصد عمل) آج کا یہ عمل، عمل شر میں استعمال ہوتا ہے گزشتہ کالم میں بھی کئی بار ذکر کیا جا چکا ہے کہ عمل شر نہایت تیز اثر مگر خطرناک ہوتے ہیں ناجائز جگہ پر استعمال کئے جائیں تو اس کے نتیجہ میں خود عمل کرنے والے کو سزا بھگتنا پڑتی ہے۔ موکلات اور جنات جب تک عمل کرنے والے کو سزا نہ دیں سکون سے نہیں بیٹھتے۔ عمل صرف اس جگہ کیا جائے جہاں جائز اور اشد ضرورت ہو۔ آج کا عمل سخت ترین دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنے کیلئے ہے۔

(عمل) قبرستان سے ایسی قبر کی مٹی جمع کی جائے کہ بعد قبرستان کے نلکا سے پانی لے کر اس مٹی کو گوندھ کر دشمن کا ایک تصوراتی پتلا بنا لیا جائے۔ اب اس پتلے کو عمل کے وقت سامنے رکھ کر 80 بار سورۃ ''تبت یدا'' بغیر بسم اللہ اور بغیر درود کے پڑھیں اور اس پتلہ پر پھونک دیں۔ جس پر دشمن کا تصور کیا جائے اس پتلے پر سوئی کی نوک سے 80 بار حرف ''ف'' لکھا جائے اس پتلے کے سینہ پر دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے اب اس پتلہ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دبا دیں۔ گھر واپسی پر 80 روپے کی کوئی نمکین شے بچوں میں تقسیم کریں۔ عمل سے قبل حصار لازمی لگالیں۔

عطارد تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	29	08:56 تا 09:47	11:33 تا 12:26	جنوب مشرق	22:12 تا 23:19	جنوب مغرب

تباہی عمارت

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ نہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 9 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خود کشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان قبروں کی مٹی اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 90 بار سورہ الھب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت وہ مٹی اس عمارت میں ایسی جگہ پر ڈال دیں کہ جس جگہ پر مٹی ڈالنے سے اس کی بے حرمتی نہ ہو۔ روزانہ 80 بار سورہ الھب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلاناغہ پڑھیں۔

حضیض شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	11	11:29 تا 12:21	/	شمال مشرق	17:22 تا 18:34	شمال

حضیض شمس 10 جنوری رات 01:57 تا 11 جنوری رات 01:31 ہوگا۔

دشمن کی تباہی اور اس کو برباد کرنے دشمن پر امراض قلب، جگر اور خرابی خون جیسے امراض مسلط کرنے کے لئے اس کے مال و اسباب کو برباد کرنے کے لئے درج بالا ساعتیں کام دیں گی۔ اس ساعت کے کسی بھی عمل سے قبل استخارہ لازمی کر لیں ورنہ رجعت عمل کا شدید خطرہ ہے۔

☆☆☆☆☆

بقیہ — عابد کمالوی صاحب

نے ان کے حضور عقیدتوں کے جو نذرانے پیش کئے ہیں وہ شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کا دائمی ذریعہ ہیں ''انتساب ہے'' ان خون آلود جبینوں کے نام جن کے سجدے ادھورے رہ گئے'' سجدہ بے نیاز کی مصنفہ نے پاکستان اور دنیا بھر میں رہنے والے اربوں مسلمانوں کو احساس کے نئے اور چھوٹے رشتوں سے روشناس کرایا ہے موصوفہ نے یہ کتاب لکھ کر اردو ادب کو ایک ایسے توشہ خاص سے نوازا ہے جس میں ہر دردمند دل میں پائی جانے والی کسک اور دوسرے کا دکھ بانٹنے کی تحریک موجود ہے اس اعتبار سے میں رابعہ کو اردو ادب کی غازیہ کا خطاب دیتا ہوں۔ میرا رابطہ 0333-4969301 بھی ہے۔

☆☆ لوح رد سحر ☆☆

یہ خاص لوح ان پریشان اور مایوس کن افراد کیلئے تیار کی جاتی ہے جو کہ جناتی اثرات تعویزات اور دشمنوں کے جادو وار کی وجہ سے آئے روز نئی نئی مصیبتوں میں پھنسے رہتے ہیں۔ زندگی میں ناکامیاں ان کا مقدر بن گئی ہوں ہر طرف بند رستہ نظر آتا ہے یا جسم میں جھٹکے لگتے ہیں یا حافظہ کمزور ہو گیا ہو، دل و دماغ میں عجیب و غریب وسوسے اور وہمات جنم لیتے ہوں۔ گھر میں پُر اسرار واقعات رونما ہوتے ہوں کبھی خون اور کبھی پانی کے چھینٹے پڑتے ہوں۔ گھر یا جسم سے بد بو آتی ہو یا دہشت خوف طاری رہتا ہو۔ غنودگی یا نیند کی حالت میں چونک کر اٹھ جاتے ہوں، اولاد نافرمان ہو یا کاروبار کی بندش کا شکار ہیں یا نکاح کی بندش کر دی گئی ہو یا بیماری جان نہ چھوڑتی ہو۔ زندگی میں سوائے ذلت اور رسوائی کے کچھ ہاتھ نہ آیا ہو ان تمام حالات میں لوح رد سحر آپ کیلئے قدرت کا ایک بہترین تحفہ ثابت ہوتی ہے۔ اس لوح کی برکت سے دشمن کا ہر حملہ ختم ہو جاتا ہے۔ ناکامیاں کامیابیوں میں بدل جاتی ہیں۔ خوشیوں سے زندگی بھر جاتی ہے۔

لوح کا ہدیہ -/3300 روپے منی آرڈر کریں

ایڈریس:۔ مکتبہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک، ملتان کینٹ

لوح مشتری

عزت، مال، دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی، 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال و زر کا خزانہ۔ (اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔)

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

0300-6351192

ہدیہ لوح 2100 روپے

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

ھـــو
س کھمھمسط
معـــع
طـــم

طلسم قمر

ہ ہ ہ ـــــ ل
طسطسھما لا
۱۱۱ ع ہ س س م م م

طلسم عطارد

ممہ مہ د
عسرلاع ص
مسلسامکما

طلسم زہرہ

عاھالامہ لہ
الآلمس کمص

طلسم مریخ

ہ ہ ہ
ع ع اہ د ص
س س س

طلسم مشتری

مممــہ عمــہ
علمسطہ
ممہ
مــــہ

طلسم زحل

صـــہ
طس
مھکمھع
۵۱ ۵۱ ۵۱

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تا کہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف و اوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کر لیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

حالت قمر

قمر در عقرب: 16 جنوری 21:35 تا 19 جنوری 00:30

ہبوط قمر: 17 جنوری 00:57 تا 02:29

قمر در ثور: 03 جنوری 03:17 تا 05 جنوری 15:45

شرف قمر: 03 جنوری 07:19 تا 09:21

شادی بیاہ کی تاریخیں

3,4,10,11,19,23,24,25,26,30,31

روحانی علاج

تحریر
خضر عباس پیاسی
راجن پور

بچہ رونے سے باز رہے

یہ نقش لکھ کر کاغذ پر بچہ کے گلے میں ڈالے تو وہ رونے سے باز رہے گا اور ضد نہ کرے گا آزمودہ ہے۔

۶	۱۲۲	۱۳	۱۴۰
۱۳۹	۱۳	۱۴۲	۲
۱	۱۴۰	۷	۱۱۳
۴۹	۹	۱۳۴	۳۰

اولاد نرینہ: نرینہ حمل کے لئے گوشت کا ایک ٹکڑا لے کر پکایا جائے پھر اس میں ایک حصہ الگ کر کے اس پر ان آیتوں کو گیارہ بار پڑھ کر عورت کو کھلایا جائے تو اللہ کے فضل سے بیٹا پیدا ہونے کی قوی امید ہے آیتیں یہ ہیں۔

فَرَاغَ اِلیٰ اَھلِہٖ فَجَآءَ بِعِجلٍ سَمِینٍ فَقَرَّبَہٗ اِلَیھِم قَالَ اَلَا تَاکُلُونَ فَاَوجَسَ مِنھُم خِیفَۃً قَالُو لَا تَخَف وَبَشَّرُوہُ بِغُلَامٍ عَلِیمٍ فَاَقبَلَتِ امرَاَتُہٗ فِی صَرَّۃٍ فَصَکَّت وَجھَھَا وَقَالَت عَجُوزٌ عَقِیمٌ قَالُو کَذٰلِکِ قَالَ رَبُّکِ اِنَّہٗ ھُوَالحَکِیمُ العَلِیمُ

درد شقیقہ دور ہو

یہ نقش بروز اتوار لکھے اور کیل پر باندھ دے تو انشاء اللہ سر کا درد دور ہو جائے گا نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

۴۰	۵	۳۷	۲۸
۴۶	۲۷	۳۲	۱۹
۵۳	۳۴	۲۵	۵۷
۸۶	۲۴	۵۸	۷۸

سفر میں تھکاوٹ اور کسی قسم کی تکلیف

اگر سفر جاتے وقت کوئی شخص یہ نقش لکھ کر حفاظت سے اپنے ساتھ لے جائے انشاء اللہ تعالیٰ اسے راستے کی تکان یا کسی قسم کی تکلیف نہ ستائے گی۔

۷۸۶			
متقدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	متقدر	قوی
قادر	قائم	قوی	متقدر
قوی	متقدر	قادر	قائم

وبائے ہیضہ

وبائے ہیضہ کے دنوں میں یہ تعویذ گلے میں پہنے انشاء اللہ تعالیٰ بیماری سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶			
۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۳۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۱۴	۱۹	۱۸	۲۹

بانجھ پن دور ہو

اگر بانجھ عورت یہ تعویذ گلے میں ڈالے تو بفضل خدا بانجھ پن دور ہو۔

۷۸۶		
۵	۱۲	۱
۲	۶	۱۰
۱۱	یاحی	۷

☆☆☆☆


بذریعہ رمل نحوست کے خاتمہ کیلئے صدقہ

تحریر
فیض احمد
(کالا شاہ کاکو)

معزز قارئین تحفہ روحانیات اعلم جفر ایک دقیق اور اکتا دینے والا علم ہے جو اپنے حروف ناطق کی بدولت ہمیشہ مستور رہا ہے ہر کس و ناکس اس سے مستفید نہیں ہوسکتا۔ میرے اکثر قارئین جعفریہ جنتری، مرزا روحانی جنتری نے جفر کے ایسے مستصلہ کی درخواست کی ہے کہ نحوست کے تدارک کے لئے صدقہ کا علم ہو جائے تو کچھ حضرات کو میں نے بتایا بھی لیکن جفر سے وہ جواب استخراج نہ کرسکے تو ان مہربانوں کے لئے علم رَمَل جو محض نقاط و خطوط کا علم ہے اور سادہ سا ہے اور ہر انسان اس تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔ اس کی سولہ اشکال ہوتی ہیں اور بارہ منسوبات کے خانے کچھ اشکال داخل کچھ ثابت اور کچھ منقلب ہیں اور نحس اور سعد بھی۔

مذہب اسلام میں صدقہ کو بڑا مقام حاصل ہے۔ سرکار نبی آخر الزمان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے کہ صدقہ ردِّ بلا ہے۔

اب ہم بذریعہ رمل آپ کو صدقہ کی تخصیص بتلاتے ہیں۔ انشاء اللہ یہ صدقہ کرنے سے آپ نحوست ارضی و سماوی سے محفوظ ہو جائیں گے۔ اس نیت سے قرعہ رمل ڈال کر یا چار عدد بول کر زائچہ کشید کریں اور زائچہ میں جو نحس اشکال قوی ہوں ان سے منسوبہ اشیاء کا صدقہ کریں۔ صدقہ میں اشیاء کی تعداد اور وزن کی قید نہیں۔ نحس اشکال یہ ہیں۔ (جن کی تعداد چھ ہے)



اب ہم ان اشکال کی منسوبات لکھتے ہیں تاکہ صدقہ معلوم کرنے میں دقت نہ ہو۔

قبض الخارج: یہ شکل راس و ذانب کی ہے کوئی اس کا برج مخصوص نہ ہے۔ کپڑوں میں استعمال شدہ پرانا کپڑا طعام میں باسی روٹی اور باجرہ وغیرہ قبل طلوع آفتاب یا غروب آفتاب (بعض رمل شمس سے منسوب کرتے ہیں)

عُقلہ: برج دلو سیارہ زحل ہے۔ کپڑوں میں سے کمبل پلنگ پوش سیاہ مرغ بروز ہفتہ بعد از طلوع آفتاب۔

انکیس: برج جدی سیارہ زحل اس کی منسوب اشیاء مثل شکل عقلہ۔

حمرہ: برج حمل سیارہ مریخ زمرخ تولہ کباب دال مسور گوشت بروز منگل وقت عصر۔

عقبہ الخارج: یہ شکل بھی ذنب کی ہے اس کا صدقہ ... کے مطابق کریں۔

لقی برج عقرب سیارہ مریخ ہے۔ صدقہ اس کا ... کے مطابق کرنا چاہئے۔

☆☆☆☆☆

سورۃ فاتحہ کے خواص

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو سونے کے وقت سورہ فاتحہ اور سورۃ اخلاص اور معوذتین بار پڑھ لیا کرے وہ سوائے موت کے ہر آفات سے امن میں رہے گا۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ سورہ فاتحہ شفاء ہے ہر درد اور بیماری کے لئے۔

سورۃ بقرہ کے خواص: جو شخص سورۃ بقرہ کو ایک بار روزانہ پڑھ لیا کرے تو وہ مرگی جنون، جذام، برص اور آسیب وغیرہ سے بالکل محفوظ رہے گا اور کسی قسم کی تکلیف نہ اٹھائے گا۔

سورۃ آل عمران کے خواص: جو شخص قرض دار ہو اسے چاہئے کہ تیرہ بار سورہ آل عمران پڑھا کرے تو قرضہ کے بوجھ سے جلد ہی سبکدوش ہو جائے گا۔

سورۃ نساء: اگر فاحشہ عورت کو پانی پر اس سورۃ کو پڑھ کر سات بار پلادے تو وہ پارسا ہو جائے، اگر مرد اور عورت میں ناموافقت ہو تو ان کو وہ پانی پلانے سے موافقت پیدا ہو جائے اور زعفران اور گلاب سے لکھ کر پلادے تو خفقان دور ہو۔

محمد اشرف مجید (لاہور)

قرآنی آیات مجرب اور آزمودہ دعاؤں سے حل مشکلات

تحریر: سید مبارک حسن کاظمی (کراچی)

قرآن حکیم انسانوں کے لئے سرچشمہ ہدایت اور رحمت ہے جب کوئی اللہ کا بندہ خلوص نیت کے ساتھ اپنا دکھ درد اور پریشانی بیان کرتا ہے تو یہ اس بندے کی رہنمائی کرتا ہے اور اس کو تمام مشکلات اور پریشانیوں سے نجات دلاتا ہے آج کل مہنگائی نے لوگوں کی کمر توڑ دی ہے، معاشی اور روزگار کے حالات خراب سے خراب تر ہوتے جا رہے ہیں۔ دولت اور رزق کا سکون میسر نہیں ہے۔ بیماریاں، مقدمہ، شادی، کاروبار کا نہ چلنا وغیرہ۔ جس کی وجہ سے انسان پریشان رہتا ہے اور ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے کوشش کرتا ہے۔ دنیا کا کوئی مسئلہ ایسا نہیں کہ جس کا حل قرآن مجید میں نہ ہو، قرآن پاک اللہ کی طرف سے مسلمانوں اور پوری دنیا کے لوگوں کے لئے ایک ایسا نسخہ ہے جس کے بارے میں اللہ نے خود فرمایا ہے کہ مومنوں کے لئے شفا ہے۔ بشرطیکہ انسان خلوص دل، خلوص نیت اور رجوع قلبی سے دعا مانگیں تو انشاء اللہ ضرور قبول ہوگی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے۔ ”مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔“ دعا مومن کا ہتھیار ہے امام باقر علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے: ”عبادت میں سب سے افضل عبادت ”دعا“ ہے۔“

نظر بد کی دوری:

نظر بد کی دوری کے لئے امام جعفر صادق سے مروی ہے کہ اگر کسی کو نظر بد لگ جائے تو یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر پھونکیں۔ انشاء اللہ شفاء حاصل ہوگی۔ دعا یہ ہے:

”بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِىِّ الۡعَظِيۡمِ۔“

اولاد کی نافرمانی دور ہو:

اگر بیٹا گستاخ، آوارہ اور نافرمان ہو تو نماز فجر کے بعد 360 مرتبہ ”يَا تَوَّابُ“ اول آخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں انشاء اللہ جلد ہی بچہ راہ راست پر آجائے گا۔ یہ عمل روزانہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں۔

جسم کا درد دور ہو جائے:

جسم میں کسی بھی جگہ درد محسوس کریں تو درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر درج ذیل آیت تین مرتبہ پڑھیں اور پھونکیں یہ عمل کسی بھی نماز کے بعد یا روزانہ فرض نماز کے بعد کر لیا کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد صحت میسر آئے گی۔ دعا یہ ہے:

”بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ وَ بِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَ بِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِيۡرًا“

موذی جانور کے کاٹے کیلئے

اگر موذی جانور کتا/سانپ وغیرہ کاٹ لے یا دشمنوں سے ڈر اور خوف ہو تو ان تمام چیزوں سے محفوظ اور حفظ و امان میں رہنے کے لئے درج ذیل آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر ان کی طرف پھونک دیا کریں۔ انشاء اللہ دشمنوں اور جانوروں سے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔ دعا یہ ہے:

”صُمٌّۢ بُكۡمٌ عُمۡىٌ فَهُمۡ لَا يَرۡجِعُوۡنَ“ (سورہ بقرہ 18)

پُر سکون نیند کیلئے:

اگر نیند نہ آتی ہو اور بے خوابی رہتی ہو، ڈراؤنے خواب دیکھتے ہوں تو رات کو جب سونے کے لئے بستر میں جائیں تو درج ذیل آیت کو چند بار پڑھ کر سو یا کریں خوب نیند آئے گی۔ دعا یہ ہے:

”وَاِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓـئِكَتَهٗ يُصَلُّوۡنَ عَلَى النَّبِىِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا“ (احزاب، 56)

دل کی بیماری دور کرنے کیلئے:

اگر آپ دل کی کسی بیماری میں مبتلا ہیں، گھبراہٹ محسوس کریں تو درج ذیل آیت کو اکتالیس مرتبہ روزانہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ خاص طور سے ہائی اور لو بلڈ پریشر میں مبتلا افراد اس آیت قرآنی کو لازمی پڑھیں انشاء اللہ بیماری اور گھبراہٹ میں افاقہ ہوگا۔ دعا یہ ہیں:

”بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ“ (سورہ رعد، آیت 28)

امراض دل کا مجرب نسخہ

تحریر: ڈاکٹر مسز میجر کاظمی

دل کے امراض اور بند شریانیں کھولنے کا 18 سالوں سے استعمال ہو رہا ہے۔ شفا بخش مجرب نسخہ جس سے دل کی شریانیں کھولنے کے ساتھ ساتھ، کلسٹر دل، بلڈ پریشر کو نارمل کرتا ہے، نمونیا اور معدہ کے امراض، موٹاپا اور چربی کو ختم کرتا ہے۔ یہ اینٹی بائیوٹک کا کام بھی دیتا ہے۔ مہنگائی کے اس دور میں اس قدرتی جڑی بوٹی سے سستا دل کا علاج کرائیں اور اپنے آپ کو آپریشن سے سو فیصد بچائیں۔ خوراک کی خوراک اور علاج کا علاج۔

نسخہ: دیسی لہسن کا رس 2 کپ دیسی ادرک کا رس 2 کپ
لیموں کا رس 2 کپ سرکہ سیب کا 2 کپ

اس کو ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب 1/3 حصہ رہ جائے تو اس کو اتار کے ٹھنڈا کریں۔ پھر اس میں بیری کا شہد ایک پاؤ ملائیں۔ اب اس پر سورۃ ابراہیم کی آیت 26 (ومثل سے من قرار تک) 676 مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کریں۔ یا سلامِ، یا حفیظ 35000 مرتبہ دم کرلیں۔ **نوٹ**: کانچ کا برتن، تام چینی کا برتن، نان سٹکس برتن میں بنانا ہے۔ تمام کام باوضو کرنا ہے۔

خوراک: صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد ایک کپ گرم پانی میں بالا دوائی سے دو بڑے چمچ لیں۔

اس کے علاوہ زیتون کا تیل 4 بڑے چمچ روزانہ، اجوہ کھجور اور سادہ کھجور کی گٹھلیوں کا آٹا ایک چمچ شہد کے ساتھ روزانہ لیں۔ اور اپنی صحت یابی کے ساتھ ڈاکٹر کاظمی کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ ڈاکٹر کاظمی کا یہ خاندانی بزرگوں کا نسخہ پاکستان کے علاوہ بیرون ممالک میں مختلف رسالوں، میگزینوں اور ریسرچ کتابچوں میں بھی کامیابی سے استعمال کیا جارہا ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہ کی تعلیم کردہ دعائے برائے امراض قلب:

ہر واجب نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے درود پڑھے، پھر گیارہ مرتبہ (یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ) کہے اور بارہویں مرتبہ یوں کہے:

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحیِیَ قَلْبِیْ) ترجمہ: اے زندہ! اے قائم رہنے والے، اے نہیں ہے کوئی معبود مگر، تو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ زندہ کردے میرے دل کو۔

دیگر امراض: مثلاً دمہ، نبض کا تیز چلنا، یرقان، السر، جوڑوں کا درد، ذہنی دباؤ، بریسٹ کینسر، ہاتھ پاؤں اور جگر کی گرمی، امراض رحم، رسولیاں، کثرت حیض، اولاد نرینہ، بلڈ پریشر، پرانا قبض، لیکوریا، تلی کی خرابی و سوزش، موٹاپا، چہرہ اور بدن پر چھریاں، گوشت کا ڈھیلا پن، چہرہ کی خوبصورتی اور رنگت، سگریٹ اور دیگر نشہ جات کی وجہ سے کمزور اور لاغر بدن کو دوبارہ ہشاش بشاش کرنے کیلئے اور دیگر بیماریوں کا بغیر آپریشن کرائے، ہربل، جڑی بوٹیوں، قرآنی آیات، تعویزات، وظائف، نقش، مائنڈ پاور، ریکی اور کونسلنگ سے علاج۔

ڈینگی سے بچاؤ

ڈینگی ....جس کا ایلوپیتھی میں کوئی علاج نہیں ہے لیکن..........

قرآن پاک اور قدرتی پھلوں میں ہے شفاء اور بقاء۔ راقم الحروف نے اپنی آزمودہ ریسرچ کی ہے۔ ایلوپیتھی و دیگر علاج کے ساتھ درج ذیل تین عمل ضرور کریں۔ (اگر ڈینگی نہیں ہے تو بھی بطور حفاظت یہ عمل کرتے رہیں۔

☆ سورہ انعام آیت نمبر 15، 16، 17 بمعہ اسم الٰہی پڑھیں۔

یا حیُّ یَا قیومُ یا ولی یا والی یا حفیظ یا رحمنُ یا رحیم - قل انی اخاف اِن عَصَیتُ ربی عذاب یوم عظیم(۱۵) من یصرف عنه یومئذٍ فقعد رحِمَهٗ وذلك الفَوزُ المُبین(۱۶) و ان یمسسك الله بضرٍ فلا کاشف لَهٗ اِلّا هو وِاِنْ یَّمسَسكَ بخیر فهو علیٰ كلِ شیءٍ قدیر(۱۷)

☆ سورۃ رحمٰن اور سورۃ تغابن پانی پر دم کر کے پئیں۔

☆ سورۃ ابراہیم آیت نمبر 26 (ومثل کلمۃ کشجرۃ خبیثۃ۔۔ مکمل آیت) 767 مرتبہ پڑھ کر روزانہ دعا مانگو۔ انشاء اللہ آپ چوتھے دن سے ہی حیرت انگیز طور پر شفائی مراحل طے کرنے لگیں گے۔

خوراک: وٹامن C والے پھل، ایک انار، ایک سیب، اس میں ایک لیموں، پپیتا کا رس ایک چمچہ ایک گلاس میں۔ (نوٹ: ہر قرآنی آیت، سورۃ سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور لکھیں اور پڑھیں)

کتاب حروف صوامت سے اقتباس

تحریر
منظور سموں
ٹنڈو محمد خان

" الواسع " (وسعت دینے والا)

جو شخص اس اسم مبارک کا کثرت سے ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کا رزق علم اور سینہ کشادہ کرتا ہے۔ عمر دراز ہو جاتی ہے۔ اس کے ذاکر کو کوئی تنگی نہیں ہوتی ہر ایک کام اللہ تعالیٰ آسان کر دیتا ہے۔ بادشاہ یا امیر اس اسم کا ورد کرے تو اس کا ملک وسیع ہو جائے۔

اگر کسی حاسد دشمن نے سحر جادو کے زور پر رزق روزگار پر بندش کر ڈالی ہو اور تنگی رزق ہو چکی ہو تو اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھا جائے یا اسم مبارک کا نقش اپنے پاس رکھے یا گھر دکان میں لگا دیں ایسی جگہ پر لگائیں جہاں سب کی نظر پڑے۔ اللہ کے حکم سے بند رزق روزگار دوبارہ سے جاری ہوگا اور کافی آمدنی ہوگی۔

۷۸۶

ع	س	ا	و
۲	۵	۱۷	۵۹
۸	۳	۵۸	۶۸
۵۷	۶۹	۷	۴

جو شخص بکثرت اس اسم کا ورد رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو ظاہری و باطنی غنا عطا فرمائے گا۔

" الحکم "

(مضبوط اور درست گفتگو کرنے والا)

اس اسم مبارک کا جو کوئی ذکر کرے تو اس کا حکم جاری ہو حکام کے واسطے مناسب ہے۔ اگر کوئی بھی حصول اقتدار کی خاطر اس اسم کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی مدد سے اس کو بہت جلدی ترقی ہوگی۔ اور محکمے کے افراد اس کی عزت کریں گے۔

۷۸۶

	م	ک	ح
۲۱	۷	۱	۳۹
۶	۱۸	۴۲	۲
۴۱	۳	۵	۱۹

جو شخص جمعہ کی رات میں یہ اسم مبارک اس قدر پڑھے کہ بے حال دبے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو کشف والہام سے نوازے گا۔

اس اسم مبارک کو کسی مشکل وقت میں پڑھ کر یا اس اسم مبارک کا نقش اپنے پاس رکھ کر کسی کے پاس جائیں جس میں کام کی تمنا ہو اس حکم کریں گے میرا فلاں کام کر دو انشاء اللہ اگر مشکل سے مشکل کام بھی ہوگا تب بھی وہ شخص خوش اسلوبی سے سرانجام دے گا۔

" الودود " (بڑا محبت کرنے والا) :

جو شخص ایک ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر کھانے والی اشیاء پر دم کر کے میاں بیوی کے ساتھ یا بیوی میاں کے ساتھ بیٹھ کر وہ کھانا یا اشیاء کھا لے تو انشاء اللہ میاں بیوی کا ایک دوسرے کے ساتھ چلنے والا جھگڑا ختم ہو جائے گا۔ اور باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔

اس اسم مبارک کے پڑھنے والا دنیا میں عزیز الخلائق ہو جاتا ہے۔ واقف یا ناواقف لوگ محبت سے پیش آئیں گے۔

اس اسم مبارک کو جائز محبت کرنے کے لئے محبوب کا تصور باندھ کر 7 روز تک پڑھے یا اس اسم کا نقش تیار کر کے نام طالب مطلوب مع والدہ نقش کے نیچے تحریر کر کے کسی نیک ساعت میں اپنے بازو پر باندھا جائے اللہ تعالیٰ کے حکم سے محبوب محبت میں مبتلا ہو جائے گا۔

اگر اسم ودود کا نقش شرف زہرہ یا جمعہ کے دن پہلی ساعت زہرہ میں عرق گلاب و زعفران سے بخورات کے ساتھ تیار کر کے اپنے پاس رکھے جس پر نظر پڑے وہ محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔ تسخیر خلائق بے انداز ہوگی۔ یہ نقش جذب و مقناطیسی اثرات رکھتا ہے۔

۷۸۶

۳	۱۶	۱
۱۵	ودود	۵
۲	۴	۱۴

روحانی مندرجات

تحریر:۔ایاز اشرف سیال (چکوال)

اللہ جل شانہ کے کلام کی برکات سے مجھ پر روز بروز زیادہ سے زیادہ برکات ہونے لگیں ۔ایک دفعہ مجھے دکھایا گیا کہ میں ایک سفید بکری قربان کر چکا ہوں اور ایک کالا بکرا قربان کرنے لگا ہوں ۔جس کا مطلب کچھ اس طرح ہے کہ کلام الٰہی کی برکات سے بحکم الٰہی مؤکلین کلام پاک کو میرے ساتھ بھرپور تعاون کرنے پر معمور کر دیا گیا ہے اور شیاطین پر بھی میری دسترس قائم کی جا چکی ۔اور میرے تحفظ کے بارے میں کچھ اس طرح بتایا گیا کہ انجانے میں میں ایک نسب شدہ بم کے پاس چلا جاتا ہوں اور وہ پھٹ جاتا ہے جس کی لرزش مجھے باقاعدہ محسوس ہوتی ہے مگر میرا ایک بال بھی بیکا نہیں ہو پاتا اور میرے احباب جو مجھ سے کچھ فاصلے پر کھڑے یہ منظر دیکھ رہے ہوتے ہیں وہ مجھ سے کہتے ہیں کہ اگر ہم تمہاری جگہ ہوتے تو ہر گز نہ بچ پاتے ۔یہ اشارہ ظاہری بم دھماکے کی طرف نہیں بلکہ شیطانی پھندوں کی طرف تھا مگر اللہ تو ہر چیز پر قادر ہے وہ مجھے اور میرے تمام مسلمان بہن بھائیوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ آمین!

یہ اشارہ مجھے اس لیے دیا گیا کیونکہ عروج ماہ صفر میں پڑھائی کرنے سے کوئی شیطان میرے جسم میں گھس گیا تھا جس سے میرے داہنے کندھے میں شدید درد رہنے لگا ۔استاد محترم کی مصروفیات کے باعث ان سے بات نہیں ہو پائی مگر تیسرے چوتھے روز کلام الٰہی کی برکات سے وہ خود بخود ہی میرے جسم سے نکل گیا ۔جس کا میرے بائیں کان سے نکلنا مجھے باہوش و حواس محسوس ہوا اور اسی وقت میرا درد ختم ہو گیا ۔مگر میرے گھر میں میری ایک چھ سالہ بچی پر بلیات نے حملہ کیا جس کے بارے میں مجھے اشارتاً سمجھایا گیا مگر میں نہ سمجھ سکا مگر اس بچی کی والدہ کو دکھایا گیا کہ جنات ان کی بچی کو ان سے چھیننا چاہتے ہیں اور وہ اس کو اٹھا کر بھاگ رہی ہیں پھر ان کو ایک بزرگ ملتے ہیں جن کے قدموں کو شیر چاٹ رہا ہوتا ہے وہ بزرگ ان کی رہنمائی کرتے ہیں ۔یقیناً وہ بزرگ ہستی مولا علی کرم اللہ وجہہ ہی تھے ۔کیونکہ میں جو انہی کے ایصال ثواب کیلئے پڑھائی کر رہا تھا ۔اور وہ مجھ سے کیونکر بے خبر رہتے اور اگر اس دوران مجھ پر یا میرے اہل خانہ پر کوئی مصیبت آتی تو وہ اللہ کے حکم سے ضرور اس کا روحانی تدارک کرتے۔

زیارات پر جانے سے قبل میں اپنے آبائی گاؤں جہاں میرے والدین مدفن ہیں ان کی قبروں پر اس غرض سے حاضری دینے گیا کہ میں آپ کی دعاؤں سے بہت ہی برگزیدہ اور اعلیٰ مقام ہستیوں سے ملنے جا رہا ہوں اور پہلے آپ سے ملنے اس لیے آیا ہوں تا کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اور ان مبارک ہستیوں کے وسیلے سے آپ پر اور مجھ پر راضی ہو جائے اس وقت میرے ہمراہ میرا ایک دوست بھی تھا۔فاتحہ و دعا کے بعد ہم وہیں قبرستان میں بیٹھ گئے اور شہدائے کربلا کے بارے میں باتیں کرنے لگے اس دوران میں نے اپنے موبائل سے نوحہ لگایا اور وہ سننے لگے۔نوحہ سنتے وقت میری آنکھیں اشک بار ہو گئیں اسی دوران میں نے دیکھا کہ پھر سے ایک سفید اور کالے رنگ کا پرندہ ہم سے کچھ دور بیٹھ کر نوحہ سننے لگا۔میں اس کی نقل و حرکات نوٹ کرنے لگا مگر اپنے دوست کو حقیقت سے آگاہ نہ کیا کہ کہیں یہ تسلسل ٹوٹ نہ جائے۔پھر جب نوحہ ختم ہوا تو میں نے موبائل بند کر دیا اور وہ پرندہ تھوڑی دیر کے بعد اڑ گیا۔میں اسی تذبذب میں تھا کہ کہیں یہ میرا وہم نہ ہو۔مگر حقیقت جاننے کیلئے پھر سے نوحہ لگایا تو پھر سے وہ پرندہ ہمارے قریب آ گیا۔

زیارات پر جانے سے چند روز قبل مجھے دیکھایا گیا کہ انتہائی خشک سالی کا دور چل رہا ہے اور آسمان پر ایک بہت بڑا عقاب منڈلا رہا ہے۔پھر وہ عقاب میری جانب آتا ہے اور مجھ سے آٹھ مچھلیوں کا مطالبہ کرتا ہے اور میں کہتا ہوں کہ ٹھیک ہے مگر پہلے میں تمہیں دو مچھلیاں دوں گا اور تمہیں میرا ایک دنیاوی کام کرنا ہوگا اس کے بعد باقی مچھلیاں دوں گا۔وہ مان جاتا ہے اور میں ایک بہت بڑے تالاب سے جو کہ سوکھ کر ایک جوہڑ سا بنا ہوا ہے۔اس میں سے دو عدد مچھلیاں نکال کر اس عقاب کو دیتا ہوں تو وہ میرا کام کر دیتا ہے

استاد محترم نے اس اشارے کے متعلق بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ کے سفر پر جانے میں جتنے روز باقی ہیں یہ انہی کی طرف اشارہ ہے کہ آپ جس مقصد کیلئے جا رہے ہیں اللہ مسبب الاسباب اپنی قدرت سے اس کا سبب بنا دے گا۔آپ صدقہ ضرور کر کے جائیے گا۔

سفر پر جانے سے ایک روز قبل میں نے اللہ سے دعا کی کہ یا اللہ اب کل کا دن ہی باقی ہے اور میں تیری رحمت مبارک ہستیوں کے پاس جا رہا ہوں۔ذرا مجھے یہ بتا دے کہ میرے ساتھ وہاں کیا ماجرا ہوگا۔کیا جس مقصد کیلئے میں وہاں جا رہا ہوں وہ پورا ہوگا؟ تو اسی رات غیب سے مجھے ایک آواز سنائی گئی کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف سے آپ کو خوشخبری سنائی جاتی ہے۔انشاء اللہ۔

باقی صفحہ 37 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ — روحانی مندرجات

سورۃ مزمل کی برکت سے جس ولی اللہ کے مزار پر گیا۔ مجھے وہیں سے روحانی فیض ملا ہمارے ضلع چکوال کے نواحی قصبہ خان پور کی ڈھوک اجمیر شریف میں خواجہ محمد شریف اجمیریؒ کا دربار ہے اور صاحب مزار نے پوری کشف وکرامات سے خلق خدا اور دین اسلام کی خدمت کی۔ آج بھی ان کے مریدین پر ان کا روحانی فیض جاری ہے۔ میں بھی کچھ دوستوں کے ہمراہ حاضری دینے چلا گیا دوران پڑھائی مجھے بڑی لذت محسوس ہوئی اور ایک دن جب میں دربار پر اکیلا پڑھائی کررہا تھا تو قبر مبارک کا غلاف ہلنے لگا۔ استاد محترم نے آگاہ کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ بہت خوش قسمت ہیں کہ سورۃ مزمل کی برکت سے آپ کی حاضری قبول ہوئی اور آپ پر صاحب مزار کا فیض بھی جاری ہوگیا ہے۔ شکر الحمدللہ۔

بقیہ — ہجری تقویم

کیونکہ زمانہ قدیم میں یہ شمسی تقاویم 360 دنوں پر مشتمل ہوا کرتی رہی ہیں۔ اور آج بھی کچھ لوگ ایسے موجود ہیں جو زبان دانی کے محاورات میں سال کے 360 دن بول جاتے ہیں۔ انہیں تقاویم کے مطابق نجوم میں ادوار سیارگان کا قانون رائج ہے اور اب تک جاری ہے۔ ان تقاویم میں پانچ دن بچا کر چھٹے سال تیرہ مہینوں کے سال بناتے تھے۔ جواب بھی تیرھویں ماہ کا نام لیا جاتا ہے جس کا مطلب بھوک اور تنگ دستی کا لیا جاتا ہے اس تقویم میں دو ماہ ایک ماہ کے نام پر ہوتے تھے۔ جیسا کہ قمری تقویم میں ربیع الاول، ربیع الثانی ہیں یا جمادی الاول جمادی الثانی ہیں۔ اور جیسا کہ رومی تقویم میں تشرین اول، تشریشن ثانی یا کافون اول کافون ثانی کی مثال ہیں۔ ایسا عمل ہر چھٹے سال میں ہوتا تھا کیونکہ ہر صورت میں شمسی ماہ 30 دن کا شمار ہوتا تھا۔ اس میں 28، 29، اور 31، 32 دنوں کا تصور مطلق نہ تھا۔ اور یہ عمل یکے بعد دیگرے ہر ماہ کے ساتھ ہوتا۔ وہ ماہ اس سال دو مرتبہ ہوتا تھا۔ جب کسری وقت جو 365 دن کے بعد چھ گھنٹے کا لیا جاتا تھا وہ 120 سالوں میں مزید ایک ماہ بن جاتا۔ چنانچہ 120 سال میں سال کے 14 ماہ ہوتے تھے۔ ایران اور ہندوستان میں یہ تقاویم چلتی رہی ہیں۔ ایرانی تقویم میں عمر خیام اور الغ بیگ گورگانی اور محقق طوسی کا ہاتھ شامل ہے۔

قارئین کرام میرے دوست کے دل اور دماغ میں ایک بات اٹک کررہ گئی ہے کہ موجودہ بین الاقوامی اسلامی قمری ہجری تقویم یزید کی تحریف شدہ ہے۔ اسے محرم الحرام کے بجائے ربیع الاول سے جاری ہونا چاہئے۔ اسی پر تحقیق فرمائی اور مختلف علماء کرام سے رابطہ فرمایا۔ جنہوں نے اس تحقیق کو زمین میں دفن کردینے کا مشورہ دیا لیکن ہم نے ساتھ دیا اور اپنے دوست کی تحقیق کو ہر قاری کے سامنے لے آئے تاکہ تمام حضرات استفادہ کرلیں۔ اس سے کسی کو فائدہ ہوا یا نہ ہوا۔ اس سے غرض نہیں ہے۔ ہم نے تو صرف اپنی بات تمام قارئین کرام تک پہنچانی تھی جو پہنچا دیا ہے۔ باقی فیصلہ کرنا آپ کا کام ہے۔

فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش کے دماغ اور دل میں یہ بات اٹک کررہ گئی ہے جیسا کہ قلعہ اٹک میں قیدی کو لٹکایا جاتا ہے یہ فقیر احقر العباد پاکستان میں انگریزوں اور ہندوؤں کی باقیات میں سے عیسوی انگریزی تقویم اور بکرمی ہندوستانی تقویم کو پاکستان میں دیکھنا نہیں چاہتا۔ چنانچہ اس کے حل کے طور پر مزمل روحانی جنتری 2007ء سے (اسلامی پاکستانی شمسی تقویم) شامل کروائی گئی تھی۔ اس تقویم کو اعتدال ربیع سے مطابقت دینے کے لئے قرارداد پاکستان کی تاریخ (21 تا 24 مارچ 1940ء) کا سہارا ہے۔ اس طرح سال 2007ء میں تحویل شمس در حمل سے پاکستانی سن 0067 ہوجاتا ہے یہ ایک تجرباتی طور پر قارئین کرام کی رائے لینے کے لئے کیا گیا ہے دوسرا تجربہ قیام پاکستان 14 اگست 1947ء کے سال سے ہوسکتا ہے۔ اگر یہ تقویم قارئین کرام کو پسند آگئی تو اس کی باقاعدہ تقویم بنا کر شائع کی جائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ جو کہ اب بھی تیار ہے۔

تقویم کے بارے میں دوسرا خیال یہ ہے کہ عالم اسلام کی بین الاقوامی قمری تقویم کے ساتھ شمسی تقویم بھی ہونا چاہئے تاکہ عیسوی تقویم کے ساتھ بین الاقوامی سطح پر مقابلہ کیا جاسکے۔ کم از کم مسلمانوں کے لئے جائز یا درست نہ ہے کہ وہ عیسوی تقویم کو صلیب کے طور پر گلے میں لٹکائیں۔

قارئین کرام اگر پاکستانی تقویم کو مقبولیت حاصل ہوگئی تو اس معاملہ میں داد اور مبارکباد کے درست اور صحیح حقدار جناب محترم شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور مزمل روحانی جنتری ہوگی کیونکہ اسی تقویم میں احقر العباد فضل محمود نقاش کی وضع کردہ پاکستانی تقویم چھپی ہے۔

قارئین کرام یہ فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش اپنے فاضل اور قابل دوست کے مضمون کو اور ان کے نکتہ نظر اور مطمع نظر کو سمجھنے میں قاصر رہا ہے اور اس مضمون (تقویم اور رسم نسئی) کی وضاحت میں جو انداز اختیار ہوگیا ہے اس سے صاحب مضمون کو ہمارے جواب سے وہ چیزیں نکالنی پڑیں جو دراصل کتابت کی غلطی سے اور موصوف کی لاعلمی سے تعلق رکھتی تھیں جن کا جواب بھی دے دیا گیا ہے اس سے قارئین کرام کو بھی فائدہ ہوگا۔

فقیر احقر العباد فضل محمود نقاش اپنے دوست کے احترام کو بحال کرنے کیلئے اور ان کے ساتھ تعلق دوستی کو درست و پائیدار کرنے کیلئے اپنے دوست سے ان الفاظ کیلئے معذرت خواہ ہے جس سے روحانی تکلیف پہنچی ہے اور موصوف کو ذرا ثقیل انداز میں اپنی جوابی تحریر کو لکھنے پر مجبور ہوا ہے۔ یقیناً اب میرے اس انداز سے ماہر روحانیات محترم شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو بھی روحانی خوشی حاصل ہوگی۔ (والسلام)


انشاءاللہ صرف تحفہ روحانیات میں آئندہ ماہ ملاقات ہوگی زندگی بخیر۔

بقیہ:اہم نظرات واقعات

لائن،افغانستان میں امن کیلئے پاکستان کی سلامتی داؤ پر نہیں لگا سکتے :وزیر اعظم گیلانی ۔☆پشاور میں سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی ڈرائی فروٹ کی مانگ بڑھ گئی ☆اسلام آباد:سپریم کورٹ کا صوبائی چیف سیکرٹریز کو محکمہ ریلوے کی اراضی واگذار کروانے حکم ☆واشنگٹن:امریکہ نے شمسی ائیربیس خالی کرنے کی تیاریاں شروع کر دیں ☆بونیر:بونیر میں پولیو کا کیس سامنے آ گیا،خیبر پختونخوا اور فاٹا میں کل تعداد 63 ہو گئی۔

یکم دسمبر:اسلام آباد:میموگیٹ سکینڈل:سپریم کورٹ نے صدر ،آرمی چیف،ڈی جی آئی ایس آئی سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے ☆عمران خان کامیاب ہو جائیں گے: سابق اہلیہ جمائما کی پیش گوئی ☆امریکی میزائل نظام پر تشویش،افغانستان کے لئے نیٹو سپلائی بند کر دیں گے: روس کی دھمکی۔☆اسلام آباد: نجی بینک کی 14 منزلہ عمارت میں آتشزدگی، دستاویزات اور فرنیچر جل کر خاکستر ☆اپر اورکزئی ایجنسی میں سیکورٹی فورسز کی گولہ باری،8 شدت پسند ہلاک،3 ٹھکانے تباہ ☆اسلام آباد: نیٹو حملے کو معاف نہیں کیا جا سکتا،پرویز مشرف ☆اسلام آباد: موسم سرد ہو گیا، اسکردو میں درجہ حرارت منفی آٹھ ☆مانچسٹر:رگبی لیگ ورلڈ کپ 2013 چار ممالک میں کھیلا جائے گا ☆مقبوضہ بیت المقدس: مسجد اقصی کے مراکشی دروازے کے نیچے یہودی عبادت گاہ بنانے کا اسرائیلی منصوبہ ☆اتر پردیش: سپیرے نے رشوت مانگنے پر ریونیو کے دفتر میں سانپ چھوڑ دیئے ۔☆ کابل: افغانستان میں 7 پاکستانی انجینئرز اور ملازمین اغوا ☆ واشنگٹن: چین کے پاس 3 ہزار ایٹمی وار ہیڈز ہیں، امریکی اخبار۔☆ بغداد: عراق، سبزی منڈی میں کار بم دھماکا،18 افراد ہلاک،25 زخمی۔

زائچہ شمس تربیع مریخ 02 دسمبر بوقت 18:08 بمقام اسلام آباد



اس نظر سیارگان سے واضح ہے کہ یہ نظر نحس سیارگان کے درمیان واقع ہو رہی ہے ۔صاف ظاہر ہے کہ اس نظر کے قائم ہونے کے نتیجہ میں خون خرابہ مال و اسباب کا نقصان ہونے کا اندیشہ ہو تا ہے مریخ کو جنگ جدل سے منسوب کیا جاتا ہے۔شمس کو نحس سیارہ مانا گیا ہے ان دو سیارگان کے درمیان جتنے بھی سیارے زائچہ کے جس جس خانہ میں آتے ہیں تمام نحس ہو جاتے ہیں اس نظر کے دوران زحل ذنب اور عطارد ان دونوں سیارگان کے درمیان موجود ہے۔ذیل کے حالات سے آگاہی کے بعد قارئین کو اس نظر کی نحوست کا مزید اندازہ ہو جائے گا۔اور اگر زائچہ میں اس قسم کی نظر قائم ہو تو کس طرح کیا حکم لگایا جائے ۔

02 دسمبر:امریکہ کے ساتھ معاہدوں کے خاتمے کے لیے فوج اور حکومت کی مدد کے لیے تیار ہوں:نواز شریف ☆ پارلیمنٹ ربڑ سٹیمپ نہیں جمہوری نظام کی طاقت کی وجہ سے چار سال میں جمہوریت برقرار ہے۔ یوسف رضا گیلانی ☆میموکیس میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے سامنے پیش ہونے کیلئے تیار ہوں،منصور اعجاز۔☆ نئی دہلی: پاکستان ممبئی ملزمان کیخلاف کارروائی کرنے میں ناکام رہا ہے ۔ بھارتی الزام☆اسلام آباد:ملک کی قیمت پر خطہ میں امن واستحکام نہیں چاہتے ، حنا ربانی کھر☆ دمشق: شام تازہ جھڑپوں میں 27 افراد ہلاک۔

03 دسمبر : ☆میموسکینڈل میں صدر کو ٹارگٹ کرنا غلط ہے، ضرورت پڑی تو خود قربانی دوں گا:وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی۔ ☆واشنگٹن:پاکستان سے بہتر تعلقات کے لیے پر عزم ہیں ، امریکا ☆ ہیلری کا وزیر اعظم گیلانی کو فون، بون کانفرنس میں شرکت پر گفتگو۔☆ اسلام آباد:قومی ہیرو شاہد آفریدی سال 2011ء کے بہترین باؤلر قرار پائے گئے ۔☆ اپر اورکزئی میں فورسز کی کارروائیاں،24 شدت پسند ہلاک ☆لندن: دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان اہم پارٹنر ہے،برطانیہ۔☆ تہران: یورپ جانے کے خواہشمند 13 پاکستانی ایران میں ٹریفک حادثے میں جاں بحق ☆ پاکستان کی 95 فیصد دولت زیر زمین پوشیدہ ہے، ڈاکٹر ثمر مبارک مند۔

یونانی ٹوٹکے

نشہ آور چیزوں کا علاج

تحریر
حکیم سریندر رائے
(انڈیا)

بھنگ، چرس، گانجہ اور افیون جیسی نشہ کی چیزیں، شراب اور تاڑی سے بھی زیادہ بری ہے اس لئے کہ شراب اور تاڑی سے جسم کو کچھ غذائیت اور تقویت حاصل ہوتی ہے لیکن یہ چیزیں تو سب کی سب نہایت زہریلی اور خشک ہوتی ہیں ان کی وجہ سے دماغ اور اعصاب میں خشکی بڑھ جاتی ہے۔ نیند موقوف ہو جاتی ہے قبض رہنے لگتی ہے۔ بدہضمی رہنے لگتی ہے۔ بینائی کمزور ہو جاتی ہے اور ان نشہ آور اشیاء کے استعمال کرنے والے بہت سے آدمی پاگل ہو جاتے ہیں۔

دیہات کی عورتیں اکثر بچے کو افیون کھلانے لگتی ہیں۔ افیون بچے کے لئے زہر ہے۔ اس کے کھلانے سے بعض اوقات بچہ سوتا ہی رہ جاتا ہے۔ اس لئے بچوں کو افیون ہرگز نہ دی جائے۔

افیون کے زہر کا علاج

☆ مریض کو جگائے رکھیں۔ جونہی سونے لگے زور سے ہلائیں مگر چلنے پھرنے نہ دیں۔

☆ بار بار قے کرا کر مریض کا معدہ صاف کریں۔ زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ ہینگ خالص دو ماشہ تین خوراکیں بنا کر کھلائیں۔

☆ مغز بنولہ اور ارنڈ کی کونپل ایک ایک تولہ پانی میں پیس کر اور چھان کر اور چھان کر پلائیں۔

☆ پوٹاشیم پرمینگنیٹ ایک رتی پانی میں حل کر کے چھان کر پلائیں۔

☆ منہ پر سرد پانی کے چھینٹے ماریں۔

☆ گرم قہوہ (کافی) پلاتے رہیں۔

☆ مریض کے گلے میں انگلی ڈال کر قے لانے کی کوشش کریں۔

☆ رائی یا نمک گرم پانی میں ڈال کر پلانے سے اور گلے میں انگلی ڈالنے سے قے آ جاتی ہے۔

☆ آکول درخت کی چھال چھ ماشہ سے ایک تولہ تک پانی میں پیس کر پلانے سے افیون کا اثر بالکل دور ہو جاتا ہے لیکن اس کام کے لئے اندر کی پختہ لکڑی لینی چاہئے جو سرخ سیاہی مائل ہوتی ہے۔

☆ ارہر کی پتیوں کا پانی نکال کر مریض کو پلانے سے افیون کا زہر بے اثر ہو جاتا ہے۔

☆ بنولوں کی (گریاں) تین تولے پانی میں پیس کر چھان کر پلانے سے افیون یا دھتورا کا زہر ختم ہو جاتا ہے۔

نیلا تھوتھا کے زہر کا علاج

☆ مریض کو کافی مقدار میں انڈے کی سفیدی دودھ میں ملا کر پلاتے رہیں انشاء اللہ زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

☆ مونگ پھلی کا تیل اور اسپغول مریض کو کھلائیں۔ اس سے معدہ کی جھلی میں زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ ☆ جو کا پانی، السی کا جوشاندہ، دودھ بار بار پلانے سے زہر کا اثر دور ہو جائے گا۔

تیزاب کے زہر کا علاج

☆ گندھک، نمک، شورہ کا تیزاب پی لی لینے کی صورت میں قے لانے والی دوائیں بالکل نہ دیں۔ چاک مٹی یا کھویا مٹی یا سوڈا بائی کارب (کھانے کا سوڈا یعنی میٹھا سوڈا) ایک بڑا چمچہ پانی میں گھول کر پلائیں اس کے بعد دودھ یا چار پانچ انڈوں کی سفیدی پلا دیں۔

☆ صابن پانی میں حل کر کے بڑے بڑے گھونٹوں کی صورت میں مریض کو پلائیں۔ ☆ گھی یا روغن زیتون، دس تولہ، دس چھٹانک پانی میں ملا کر پلائیں۔ ☆ اخروٹ کھلائیں اور اخروٹ کے مغز کا تیل مریض کو پلائیں اور بدن پر بھی مالش کریں۔

بھلانوں کے زہر کا علاج

☆ اخروٹ کو دودھ یا پانی میں پیس کر جسم کے چالوں اور آبلوں پر ملیں۔

☆ املی کے سبز پتے پانی میں پیس کر لیپ کریں اور املی کے پتے پانی میں گھونٹ کر پلائیں۔

☆☆☆☆☆

روحانی علاج

تحریر: باباصدف انبالوی (ملتان)

آفت سے نجات

جس بچہ کو پیاس ہو جائے یا دودھ پینا چھوڑ دے اس آیت کو لکھ کر اس بچہ کے گلے میں ڈالنا یا کورے برتن میں لکھ کر اس میں پانی ڈال کر وہ پانی اس بچہ کو پلانا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے:

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ۔

باری کے بخار کا علاج

باری کے بخار کے علاج کے لئے پان پر لکھ کر تین روز تک برابر کھلانا بخار کی باری کو موقوف کرتا ہے۔ آیت یہ ہے:

وَ قِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَ قُلْ سَلٰمٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ۔

استخارہ

اگر کسی شخص کو کسی مقدمہ یا کسی بڑے معاملہ کا انجام معلوم کرنا ہو وہ ان آیتوں کو تیرہ سو دفعہ نوچندی جمعرات کو بطور ختم پڑھ کر سو جائے ان شاءاللہ العزیز خواب میں بطور بشارت اس کام کا انجام جو کچھ ہونا ہوگا وہ سب معلوم ہو جائے گا۔ آیتیں یہ ہیں:

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ط اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ط رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ۔

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ جمعرات کو روزہ رکھا جائے اور سارے دن کا اعتکاف کیا جائے۔ نماز پنجگانہ با جماعت ادا ہو۔ ایک نماز کے بعد دوسری نماز تک عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ عامل برابر پڑھتا رہے۔ مغرب کی اذان پر روزہ کھول کر تھوڑی سی روغنی روٹی کھا کر ذرا سی دیر قطب کی طرف منہ کر کے لیٹا رہے اور برابر عالم الغیب والشہادۃ کی تسبیح جاری رکھے۔ پھر عشاء کی نماز پڑھ کر تین سو تیرہ دفعہ اس آیت کو پڑھ کر سو دفعہ یَا نُوْرُ یَا نُوْرُ پڑھ کر اسی جگہ سو جائے جو کچھ خواب دیکھے اُسے یاد رکھے انشاءاللہ جو مقصود ہو حاصل ہو جائے گا۔ جس بات کی اطلاع ہونی مقصود تھی وہ بات معلوم ہو جائے گی۔

شر سے حفاظت

ظالم قوم کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے جب تک خوف باقی ہو ہر روز تیرہ سو مرتبہ ان آیات مبارکہ کا پڑھنا نہایت ہی مجرب اور مفید ہے۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ وَ اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ۝ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ۝ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ۔

علاج آسیب زدہ

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئًا ۨ اتَّخَذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔

اگر کوئی شخص ان آیتوں کو روزانہ اپنے ورد میں رکھے۔ انشاءاللہ کبھی کوئی جن بھوت پاس نہ آئے گا: